امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز منگل 24 نومبر 2026 / 13 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 223

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے 25 ہزار سے زائد ملازمتیں کا بڑا اعلان

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا اسمبلی میں خطاب، صدر، وزیراعظم اور عسکری قیادت کا شکریہ ادا کیا

نوجوانوں کو میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر برابری کے مواقع فراہم کیے جائیں گے

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں کیلئے 25 ہزار سے زائد ملازمتوں کے جامع پلان پر اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت سے اظہار تشکر کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی جانب سے صدر مملکت، وزیراعظم اور عسکری قیادت کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ عسکری قیادت نے بلوچستان کے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کیلئے سب سے پہلے آواز اٹھائی۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان بھر کے باصلاحیت نوجوانوں کو برابری کی

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعظم کا دورہ ماسکو، 15 سے 16 معاہدوں پر دستخط ہوں گے، فیصل نیاز

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ ماسکو کے دوران پاکستان اور روس کے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت قرضوں کی تقسیم کا سنگ میل عبور کرنے کی خوشی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم کا اپنا گھر مشن 100 ارب کا سنگ میل عبور

ساڑھے 6 ماہ میں 18 ہزار 500 گھروں کی تعمیر کیلئے 100 ارب روپے جاری ہوئے، اب رقم 112 ارب تک پہنچ گئی ہے اور 500 ارب روپے کے قرضے منظور ہو چکے ہیں

وزیراعظم، قرضوں کی تقسیم میں کرپشن اور سفارش نہیں ہوئی، 6 ماہ بعد ایک کھرب روپے تقسیم کرنے کا ہدف حاصل کرنے پر پھر تقریب ہوگی

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم اپنا گھر پروگرام نے 100 ارب روپے سے زائد قرضے فراہم کرنے کا سنگ میل عبور کرلیا۔ اسلام آباد میں اس تاریخی

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب کے شرکاء سے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی خطاب کر رہے ہیں

سرکاری قرضوں کے موثر انتظام کے لیے انتظامی ڈھانچے کی مضبوطی کا فیصلہ

پچھلے سال مالی خسارہ پورا کرنے کیلئے حکومت نے 6 ہزار ارب روپے قرض لیا

اسلام آباد (اے این این) حکومت نے سرکاری قرضوں کے مؤثر انتظام کے لیے انتظامی ڈھانچہ مضبوط بنانے کی تیاری کرلی۔ رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف شرائط کے تحت دو اہم عہدوں پر بھرتی کے لیے درخواستیں طلب کرلی گئی۔ پچھلے سال مالی خسارہ پورا کرنے کیلئے حکومت نے تقریباً 6 ہزار ارب روپے قرض لیا۔ مالی خسارہ پورا کرنے کیلئے

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)



ملائیشیا کے وزیراعظم داتو سری انور ابراہیم سے چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پتراجایا میں ملاقات

پاکستان ملائیشیا دفاعی و تعاون کا نیا دور

فیلڈ مارشل کا ملائیشیا رویہ شاندار استقبال

فیلڈ مارشل کی ملائیشین وزیراعظم انور ابراہیم اور وزیر دفاع سے ملاقات، دوطرفہ دفاعی و سلامتی تعاون پر تبادلہ خیال

فیلڈ مارشل کو ملائیشیا کی وزارت دفاع آمد پر گارڈ آف آنر پیش، نیشنل ڈیفنس اسٹڈیز سینٹر کے ہال آف فیم کے 21 ویں رکن کے طور پر شامل کیا جائے گا

راولپنڈی (اے این این) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملائیشیا کا سرکاری دورہ کیا اور دفاعی تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پردانا پترا، پوترا جایا میں ملائیشیا کے وزیراعظم، داتو سری انور ابراہیم سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، دفاعی اور سلامتی تعاون، اور علاقائی و عالمی سلامتی کی بدلتی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور پر غور کیا اور علاقائی امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینے کیلئے جاری رابطوں کی اہمیت پر زور دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملائیشین وزیراعظم نے فیلڈ مارشل کا پرتپاک استقبال کیا اور پاکستان اور ملائیشیا

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایس سی او اجلاس میں پاکستانی وزیر مصدق ملک بھارتی میڈیا کی خصوصی توجہ کا مرکز

اسلام آباد (اے این این) بھارت میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے اجلاس میں پاکستان کی موجودگی بھارتی میڈیا کے لیے سب سے بڑی خبر

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

پی پی گورنر کے پی کو متنازع نہ بنائے، طارق فضل

فیصل کریم کنڈی کا وفاقی حکومت کے ساتھ ورکنگ ریلیشن شپ آئینی و انتظامی ضرورت ہے

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی گورنر خیبر پختونخوا کے آئینی کردار اور وفاق سے رابطوں کو متنازع نہ بنائے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ فیصل کریم کنڈی کا وفاقی حکومت کے ساتھ ورکنگ ریلیشن

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)



پاکستان اور پرتگال کا مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق

تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، قابل تجدید توانائی، ٹیکنالوجی اور لیبر موبلٹی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔

نفرت اور تقسیم کی سیاست چھوڑ کر عوام کو ریلیف دینے کا شو چلیں

بلاول بھٹو زرداری

ہمیں ملک میں ایسا نظام بنانا ہوگا جس پر حکومت اور اپوزیشن دونوں اعتماد کرسکیں تبھی ہم مشکل معاشی حالات کا مقابلہ کرسکتے ہیں

ملک کے حالات سے میں خود مایوس ہوں تو پاکستان کے نوجوانوں کی کیا حالت ہوگی، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ یوتھ کارڈ کا افتتاح کردیا۔ سندھ یوتھ کارڈ کے اجرا کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ یوتھ کارڈ شروع کرکے سندھ حکومت آج ایک بار پھر تاریخ رقم کرنے جارہی ہے۔ سیاست دان نفرت اور تقسیم کی سیاست چھوڑ کر عوام کو ریلیف دینے کا سوچیں۔ ہمیں ملک میں ایسا نظام بنانا ہوگا جس پر حکومت اور اپوزیشن دونوں اعتماد کرسکیں تبھی ہم مشکل معاشی حالات کا مقابلہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے حالات سے میں

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ پولیس کی کارروائی، سرعام ہوائی فائرنگ کرنیوالے ملزمان گرفتار

ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشنز ضیاالحق مندوخیل کے نوٹس پر فوری کارروائی

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ شہر میں ون ویلنگ، اسلحہ و خنجر کی نمائش اور موٹر سائیکلوں پر گروپ بنا کر شہریوں کے لیے مشکلات پیدا کرنے والے عناصر کے خلاف کوئٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے زیر نظر ویڈیو میں نظر آنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز ضیاالحق مندوخیل کے نوٹس پر ایس ایچ او پشتون آباد فضل الرحمٰن خلجی، ایس ایچ او خروٹ آباد احسان مروت اور ایس ایچ او کینٹ محمد یوسف بڑیچ

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

لیبیا کی بندرگاہ پر مشتبہ ڈرون حملے میں روسی جنگی جہاز ڈوب گیا

روسی اور لیبیائی اہلکاروں سمیت 10 افراد زخمی ہوئے، جنہیں معمولی زخم آئے

طرابلس (اے این این) لیبیا کی ایک بندرگاہ پر مبینہ ڈرون حملے کے نتیجے میں روسی جنگی جہاز ڈوبنے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ ابتدائی رپورٹس کے مطابق حملے میں بندرگاہ پر موجود روسی بحری جہاز کو نشانہ بنایا گیا، جس کے بعد جہاز کو شدید نقصان پہنچا اور وہ سمندر میں ڈوب گیا۔ لیبیا کے مشرقی شہر بنغازی میں بحری اڈے پر موجود روسی بحریہ کے جنگی جہاز مرکزی کو مشتبہ سمندری ڈرون حملے میں شدید نقصان پہنچا، جس کے بعد جہاز الٹ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

گروپ کیپٹن شہید عاصم طارق کیس؛ اہم چشم دید گواہان کے بیانات ریکارڈ

عدالت نے آئندہ سماعت پر وکلا صفائی کو جراح کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (اے این این) گروپ کیپٹن شہید عاصم طارق کیس میں استغاثہ کے دونوں اہم چشم دید گواہان کے بیانات ریکارڈ کرلیے گئے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس پر سماعت کی۔ سرکار کی جانب سے اسپیشل پراسیکیوٹر راجا نوید حسین عدالت میں پیش ہوئے۔ پراسیکیوٹر راجا نوید حسین نے دلائل دیے کہ وکلا صفائی آج ہی گواہان پر جرح کریں، ہم نے 20 گواہان کے بیانات کروالیے مگر جرح

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

مستونگ روڈ پر مبینہ ڈرون حملہ، ایک شخص شدید جبکہ دو بچے معمولی زخمی

شدید زخمی آغا خالد شاہ کو تشویشناک حالت میں شہید نواب غوث بخش میموریل ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے، تحقیقات جاری

مستونگ (یو این اے) مستونگ روڈ کے علاقے تھانہ ولی خان کی حدود میں مورخہ 21/11/026 صبح تقریباً 4 بجے مبینہ ڈرون حملے کے نتیجے میں ایک شخص شدید زخمی جبکہ اس کے ہمراہ موجود دو بچے معمولی زخمی ہوگئے۔ ایس پی مستونگ کی جانب سے ابتدائی رپورٹ کے مطابق آغا خالد شاہ ولد ولی خان کی حدود میں مورخہ 21/11/026 صبح تقریباً 4 بجے مبینہ ڈرون حملے کے نتیجے میں ایک شخص شدید زخمی جبکہ اس کے ہمراہ موجود دو بچے معمولی زخمی ہوگئے۔ ایس پی مستونگ کی جانب سوئی سدرن گیس کمپنی کی پائپ لائن کے قریب ایک پودا لگانے کے لیے کھدائی کررہے تھے کہ اسی دوران

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے پرتگال کے وزیر مملکت و امور خارجہ پاؤلو رینجل ملاقات کر رہے ہیں

پیٹرولیم ڈیلرز کا قیمتوں کے ماہانہ نظام کی بحالی کیلئے حکومت کو 15 روز کا الٹی میٹم

روزانہ قیمت کی تبدیلی سے کاروباری منصوبہ بندی مشکل ہوگئی، مالکان

لاہور (اے این این) پیٹرول پمپ مالکان نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ تبدیلی کا نظام ختم کرکے ماہانہ قیمتوں کا نظام بحال کرنے کیلئے حکومت کو 15 دن کا الٹی میٹم دے دیا۔ چیئرمین پیٹرولیم ڈیلرز ملک خدا بخش نے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی پرتگال کے وزیر خارجہ سے ملاقات

ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (اے این این) وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی پرتگال کے وزیر خارجہ سے ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور پرتگالی وزیر خارجہ پالو رینجل نے

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان عدالتی تعاون کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (اے این این) پاکستان اور ترکیہ کے درمیان عدالتی تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کردیئے گئے۔ اسلام آباد میں سپریم کورٹ آف پاکستان اور ترکیہ کے کورٹ آف کیسیشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت کی تقریب ہوئی، دونوں ممالک کی اعلیٰ عدالتوں کے درمیان ادارہ جاتی مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان اور صدر ترکیہ کورٹ آف کیسیشن نے یادداشت پر دستخط کیے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات وقت کیساتھ مضبوط ہوئے ہیں، پاک ترکیہ عدالتی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

لیبیا کی بندرگاہ پر مشتبہ ڈرون حملے میں روسی جنگی جہاز ڈوب گیا

روسی اور لیبیائی اہلکاروں سمیت 10 افراد زخمی ہوئے، جنہیں معمولی زخم آئے

طرابلس (اے این این) لیبیا کی ایک بندرگاہ پر مبینہ ڈرون حملے کے نتیجے میں روسی جنگی جہاز ڈوبنے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ ابتدائی رپورٹس کے مطابق حملے میں بندرگاہ پر موجود روسی بحری جہاز کو نشانہ بنایا گیا، جس کے بعد جہاز کو شدید نقصان پہنچا اور وہ سمندر میں ڈوب گیا۔ لیبیا کے مشرقی شہر بنغازی میں بحری اڈے پر موجود روسی بحریہ کے جنگی جہاز مرکزی کو مشتبہ سمندری ڈرون حملے میں شدید نقصان پہنچا، جس کے بعد جہاز الٹ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ پولیس کی کارروائی، سرعام ہوائی فائرنگ کرنیوالے ملزمان گرفتار

ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشنز ضیاالحق مندوخیل کے نوٹس پر فوری کارروائی

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ شہر میں ون ویلنگ، اسلحہ و خنجر کی نمائش اور موٹر سائیکلوں پر گروپ بنا کر شہریوں کے لیے مشکلات پیدا کرنے والے عناصر کے خلاف کوئٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے زیر نظر ویڈیو میں نظر آنے والے ملزمان کو گرفتار کر

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

9 ماہ میں عوام سے پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1100 ارب روپے سے زائد وصول

سری جانب اسی مدت میں پیٹرولیم مصنوعات پر عائد کلائمٹ سپورٹ لیوی کی مد میں تقریباً 47 ارب روپے کی الگ وصولی کی گئی

شہری پیٹرولیم لیوی کے بھاری بوجھ تلے دب گئے ہیں اور حکومت کی جانب سے اس مد میں وصولیاں جاری ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (اے این این) حکومت نے 9 ماہ میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1100 ارب روپے سے زائد رقم وصول کی۔ ایک رپورٹ کے مطابق شہری پیٹرولیم لیوی کے بھاری بوجھ تلے دب گئے ہیں اور حکومت کی جانب سے اس مد میں وصولیاں جاری ہیں۔ وفاقی حکومت نے جنوری سے ستمبر 2026 کے دوران 9 ماہ میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں ایک ہزار 126 ارب 34 کروڑ روپے وصول کرلیے

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

نوکنڈی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

نوکنڈی (یو این اے) نوکنڈی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی جس کی زد میں آکر ملک وسیم ولد ملک رشید شیرزئی اور عبدالقدیر جمالدینی جاں بحق ہوگئے۔ واقعے کے بعد مقامی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے موقع پر پہنچ کر ضروری کارروائی شروع کردی ہے۔ نوکنڈی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی جس کی زد میں آکر ملک وسیم ولد ملک

(بقیہ 20 صفحہ 2 پر)

بلوچستان اسمبلی نے غیر رسمی تعلیم اور فشریز اینڈ ایکوا کلچر کے مسودہ قوانین منظور کرلیے

محکمہ صحت و بہبود آبادی کے سوالات مخر، اجلاس 8 دسمبر سہ پہر تین بجے تک ملتوی کردیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان غیر رسمی تعلیم اور بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر کے مسودہ قوانین منظور کرلیے، جبکہ محکمہ صحت اور محکمہ بہبود آبادی سے متعلق سوالات محرکین کی عدم موجودگی کے باعث موخر کردیے گئے۔ اسمبلی کا اجلاس 8 دسمبر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کردیا گیا۔ اجلاس کے دوران پارلیمانی سیکرٹری ولی محمد نورزئی نے بلوچستان غیر رسمی تعلیم کا مسودہ قانون ایوان میں پیش کیا، جسے ایوان نے منظور کرلیا۔ اسی طرح صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نے بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر کا مسودہ قانون ایوان میں پیش کیا۔ مذکورہ مسودہ قانون پہلے ہی متعلقہ قائمہ کمیٹی سے منظور ہوچکا تھا، جس کے بعد اسمبلی نے اسے بھی منظور کرلیا۔ بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان غیر رسمی تعلیم اور بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر کے مسودہ قوانین منظور کرلیے، جبکہ محکمہ صحت اور محکمہ بہبود آبادی سے متعلق سوالات محرکین کی عدم موجودگی کے باعث موخر کردیے گئے۔ اسمبلی کا اجلاس 8 دسمبر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کردیا گیا۔ اجلاس

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان اسمبلی، مولانا فضل الرحمٰن کی سیکیورٹی واپس لینے پر جے یو آئی اور نیشنل پارٹی کا احتجاجی واک آؤٹ

سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں قابلِ قدر ہیں، ان کے خلاف بات کرنا مناسب نہیں، وزیر داخلہ ضیاللہ لانگو نور محمد دمڑ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی سیکیورٹی واپس لینے کا معاملہ زیر بحث آیا، جہاں رکن صوبائی اسمبلی زابد ریکی نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے حکومت کے اقدام کو قابل مذمت قرار دیا اور احتجاجاً ایوان سے واک آوٹ کرگئے، جبکہ نیشنل پارٹی کے اراکین نے بھی اس معاملے پر احتجاج کرتے ہوئے واک آوٹ کیا۔ اجلاس چیئرمین آف پینل ڈاکٹر اشوک کمار کی زیر صدارت نصف گھنٹہ تاخیر سے منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران زابد ریکی نے کہا کہ ان کے قائد مولانا فضل الرحمٰن کی سیکیورٹی ختم کردی گئی ہے، حالانکہ ان پر متعدد مرتبہ قاتلانہ حملے ہوچکے ہیں۔ ایسے حالات میں ان کی سیکیورٹی واپس لینا قابل مذمت ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے قائد کو کوئی نقصان پہنچا تو اس کی ذمہ داری وزیراعظم پر عائد ہوگی۔ اس کے بعد وہ احتجاجاً

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

جنگ کے خاتمے کیلئے پاکستان اور قطر کی ثالثی کوششیں بدستور جاری ہیں، ایران کا اعلان

پاکستان اور قطر خطے کی صورت حال پر تشویش کے باعث جنگ ختم کرانے اور فریقین کے درمیان رابطوں کے لیے اپنی سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں

تہران کے بقول امریکا مذاکرات کے معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کررہا ہے امریکا دوسرے فریق کے حقوق کو تسلیم کرنے میں ناکام رہا ہے، ایرانی وزارت خارجہ

تہران (اے این این) ایران نے کہا ہے کہ جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان اور قطر کی ثالثی کوششیں بدستور جاری ہیں تاہم تہران کے بقول امریکا مذاکرات کے معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کررہا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ پاکستان اور قطر خطے کی صورت حال پر تشویش کے باعث جنگ ختم کرانے اور فریقین کے درمیان رابطوں کے لیے اپنی سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے امریکا پر الزام عائد کیا کہ وہ دوسرے فریق کے حقوق کو تسلیم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سفارت کاری اسی وقت مؤثر ہوسکتی ہے جب مذاکرات میں دونوں جانب کے مؤقف کو منصفانہ انداز میں سنا اور سمجھا جائے۔ اسماعیل بقائی نے بالخصوص پاکستان کی ثالثی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور قطر دونوں صورت حال پر فکرمند ہیں اور تنازع کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کررہے ہیں۔ ایرانی ترجمان کے مطابق ثالث کسی بھی صورت حال میں اپنی کوششیں اور خیرسگالی پر مبنی سفارتی کردار جاری

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

امریکہ ہماری شرائط پوری کردے تو چند گھنٹوں میں آبنائے ہرمز کھول سکتے ہیں، ایران

ایرانی عوام کے حقوق اور قومی مفادات کے دفاع سے پیچھے نہیں ہٹیں گے؛ ترجمان وزارت خارجہ

تہران (جی این ایم) ایران نے کہا ہے کہ اگر امریکہ ہماری شرائط پوری کردے تو وہ چند گھنٹوں کے اندر آبنائے ہرمز میں سکیورٹی بحال کرکے اسے دوبارہ کھول سکتا ہے۔ ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے میڈیا بریفنگ کے دوران کہا کہ معاہدے اور متعلقہ شرائط کی تکمیل کی صورت میں ایران بہت تیزی سے اقدامات کرسکتا ہے، تاہم تہران ایرانی عوام کے حقوق اور قومی مفادات کے دفاع سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹے گا، ان کا یہ بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس انتباہ کے چند گھنٹے بعد سامنے آیا ہے جس میں انہوں نے کہا تھا کہ اگر نئے سال تک ایران کے ساتھ معاہدہ نہ ہوسکا تو دوبارہ جنگ شروع کرنے پر آمادہ ہوسکتے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان سے اس حوالے سے سوال کیا گیا تھا کہ آیا معاہدہ طے پانے کے دو گھنٹے کے اندر اس اہم آبی گزرگاہ کو مکمل طور پر کھولا جاسکتا ہے؟ اس سوال کے جواب میں اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران اپنے وعدوں کی پاسداری کے لیے پرعزم ہے اور دوسری

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی ایشیائی ترقیاتی بینک کے ساتھ پبلک فنانشل مینجمنٹ عوامی مالیاتی انتظام کے امور پر منعقدہ اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں

اگلے سال سے پاکستان کی حقیقی آزادی کے دائمی عہد کا آغاز ہوگا، مصطفیٰ کمال

نئے صوبوں کے حق میں کراچی تاریخ کا سب سے بڑا اجتماع کرے گا' 1973 کا آئین کوئی آسمانی صحیفہ نہیں

نئے صوبوں کی تحریک عام انتخابات یا نشستوں کے حصول کا معاملہ نہیں پاکستان کی بقا اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کی سنجیدہ جدوجہد ہے، رہنما ایم کیو ایم

کراچی (اے این این) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے حق میں کراچی اپنی تاریخ کے سب سے بڑے اجتماع میں اپنا فیصلہ سنائے گا۔ نئے صوبوں کی تحریک عام انتخابات یا نشستوں کے حصول کا معاملہ نہیں بلکہ پاکستان کی بقا اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کی سنجیدہ جدوجہد ہے۔ ڈسٹرکٹ کورنگی کے ذمہ داران اور کارکنان سے خطاب کرتے

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان عدالتی تعاون کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (اے این این) پاکستان اور ترکیہ کے درمیان عدالتی تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کردیئے گئے۔ اسلام آباد میں سپریم کورٹ آف پاکستان اور ترکیہ کے کورٹ آف کیسیشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت کی تقریب ہوئی، دونوں ممالک کی اعلیٰ عدالتوں کے درمیان ادارہ جاتی مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان اور صدر ترکیہ کورٹ آف کیسیشن نے یادداشت پر دستخط کیے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات وقت کیساتھ مضبوط ہوئے ہیں، پاک ترکیہ عدالتی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

تحریک انصاف نئے صوبوں کے حق میں ہے، ریفرنڈم ہونا چاہیے، سینیٹر علی ظفر

سندھ میں بھی نئے صوبے بنانے میں کوئی ممانعت نہیں کراچی کی آبادی کئی ملکوں سے زیادہ ہے تو الگ صوبہ کیوں نہیں بن سکتا

لاہور (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر علی ظفر کا کہنا ہے کہ کراچی کی آبادی کئی ملکوں سے زیادہ ہے تو کراچی الگ صوبہ کیوں نہیں بن سکتا؟ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ ملک میں نئے صوبے ہر صورت بننے چاہئیں۔ ان کا کہنا ہے کہ سندھ میں بھی نئے صوبے بنانے میں کوئی ممانعت نہیں، کراچی بھی الگ صوبہ بننا چاہیے، جنوبی پنجاب اور شمالی پنجاب بھی الگ صوبے بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی بھی نئے صوبوں کے حق میں ہیں، ان کا پیغام ہے کہ نئے صوبوں سے متعلق مسودہ سامنے آجائے، پھر مقف دیں گے۔ سینیٹر نے کہا کہ پی ٹی آئی ایک سیاسی جماعت ہے، فیصلے سیاسی مشاورت سے کرتی ہے، 28 ویں ترمیم کا مسودہ سامنے آنے کے بعد دیکھیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم عوامی رائے جاننے کا ایک طریقہ کار ہے، اس سے صوبے بنانے کے آئینی طریقہ کار میں کوئی تبدیلی نہیں آسکتی۔ علی ظفر کا یہ بھی کہنا ہے کہ صوبے بنانے کا قانونی طریقہ وہی ہے جو آئین

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

منشیات کیس میں انمول پنکی و دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد

ملزمان کے صحت جرم سے انکار پر عدالت نے تفتیشی افسر اور گواہوں کو نوٹس جاری کردیئے

کراچی (اے این این) صوبائی کنٹرول آف نارکوٹکس عدالت نے منشیات کے مقدمے میں انمول عرف پنکی و دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد کردی۔ صحت جرم سے انکار پر عدالت نے تفتیشی افسر اور گواہوں کو نوٹس جاری کردیئے۔ کراچی سینٹرل جیل انسداد دہشتگردی کمپلیکس میں قائم صوبائی کنٹرول آف نارکوٹکس عدالت نمبر 2 کے روبرو انمول عرف پنکی و دیگر ملزمان کیخلاف منشیات کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ ملزمان میں انمول عرف پنکی، محمد عباد اور عزیر الرحمان شامل ہیں۔ جیل حکام نے ملزمہ انمول عرف پنکی کو پیش کیا۔ عدالت نے ملزمان پر فرد جرم عائد کردی تاہم ملزمان نے صحت جرم سے انکار کردیا۔ صحت جرم سے انکار پر عدالت نے گواہان و تفتیشی افسر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر پیش ہونے کا حکم دیدیا، عدالت نے سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی۔ پولیس کے مطابق ملزمان کیخلاف تھانہ ڈیفنس میں مقدمہ درج

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستانی وزیر سے باضابطہ مذاکرات نہیں ہوئے، بھارتی وزیر ثقافت

بھارتی وفد کے ارکان کی پاکستانی وزیر سے ملاقاتیں ہوئیں اور مختلف امور پر غیر رسمی تبادلہ خیال بھی کیا گیا

نئی دہلی (اے این این) بھارتی وزیر ثقافت وویک اگروال نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے پہلے تہذیبی مکالمہ فورم کے موقع پر پاکستان اور بھارت کے درمیان کوئی باضابطہ دوطرفہ مذاک

بقیہ 1

ممالک کے نے اعلیٰ سطح کے تبادلوں، فوجی تعاون کو بڑھانے اور علاقائی و بین الاقوامی سلامتی کے مسائل پر مسلسل مکالمے کے ذریعے دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملائیشیا کی وزارت دفاع پہنچنے پر فیلڈ مارشل کو ایک تقریب میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، چیف آف ڈیفنس فورسز ملائیشیا جنرل تان سری حاجی مالیک رزاق سلیمان اور ملائیشیا کی آرمی، رائل میرین اور رائل ایئر فورس کے سربراہان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملائیشین وزیر دفاع داتو سری محمد خالد بن نوردین سے بھی اہم ملاقات کی جس میں عسکری روابط بڑھانے اور مسلح افواج میں تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ملائیشیا کے نیشنل ڈیفنس اسٹڈیز سینٹر کا بھی دورہ کریں گے، خصوصی تقریب میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ادارے کے باوقار ''ہال آف فیم'' کے 21 ویں رکن کے طور پر شامل کیا جائے گا۔

بقیہ 7

بن گئی۔ پاکستان مخالف منفی پروپیگنڈا میں مصروف رہنے والا بھارتی میڈیا پاکستان کی موجودگی میں عالمی اجلاس کا ایجنڈا ہی بھول گیا، تہذیبی مکالمے کے لیے منعقدہ عالمی اجلاس بھارتی میڈیا کی توجہ کے باعث پاکستان کے تذکرے میں تبدیل ہوگیا۔ ایس سی او اجلاس کی بھارتی کورڈیج میں پاکستانی وفد کی موجودگی اور سرگرمیوں کو غیر معمولی اہمیت دی گئی۔ پاکستانی وزیر مصدق ملک کی اہلیہ کی اجلاس کے دوران مختلف سرگرمیاں بھی بھارتی میڈیا کی توجہ سمیٹتی رہیں۔ بھارت کے پاکستان کو نظرانداز کرنے کے نام نہاد دعوں کے باوجود عالمی اجلاس میں بھارتی میڈیا کی رپورٹنگ میں پاکستان نمایاں ترین موضوع رہا۔

بقیہ 8

شپ آئینی و انتظامی ضرورت ہے، وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کے گورنر کو بااختیار بنا رہی ہے۔ طارق فضل کا کہنا تھا کہ حالیہ آرڈیننس گورنر کو مزید اختیارات دینے کے حکومتی عزم کا ثبوت ہیں، گورنر راج اور ایمرجنسی، ن لیگ اور پیپلز پارٹی کا مشترکہ فیصلہ تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ رہے گی۔

بقیہ 9

خود مایوس ہوں تو پاکستان کے نوجوانوں کی کیا حالت ہوگی، اگر کوئی ری سیٹ ہونا ہے تو وہ سیاسی ری سیٹ ہوگا، ہمیں اداروں پر اعتماد بحال کرنا ہوگا، ملک کا بچہ بچہ کرپشن سے نفرت کرتا ہے، اختلاف رائے ایک طرف رکھ کر عوام کا سوچنا ہوگا۔ نفرت کو پھیلائیں گے تو ہم کسی بحران کا مقابلہ نہیں کرسکیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 16 سے 29 سال عمر کے سندھ کے نوجوانوں کو یوتھ کارڈ دیے جائیں گے، ابتدا میں ایک لاکھ نوجوانوں کو یوتھ کارڈ جاری کیے جائیں گے۔ یہ کارڈ ویزہ کارڈ کی طرح ہوگا جو عالمی مالیاتی نظام سے منسلک ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک میں کوئی سب سے زیادہ تکلیف میں ہے تو وہ ہمارا نوجوان طبقہ جس کے پاس روزگار نہیں ہے، ہم محدود وسائل میں نوجوانوں کو مدد پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ نوجوانوں کو ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں سبسڈی دلوانے کی بھی کوشش کریں گے، اسکالرشپس سمیت تمام مالی فوائد نوجوانوں کو اسی کارڈ کے ذریعے پہنچائیں گے، پرائیویٹ سیکٹر سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ اس کارڈ پر نوجوانوں کیلئے سہولیات متعارف کرائیں۔

بقیہ 10

ڈرون پہنچ گیا۔ ڈرون کو دیکھ کر وہ فلی کی جانب بھاگے، تاہم مبینہ طور پر ڈرون نے انہیں نشانہ بنایا۔ واقعے میں آغا خالد شاہ شدید زخمی ہوگئے جبکہ ان کے ہمراہ موجود دو بچے بھی معمولی زخمی ہوئے۔ ایس ایچ او بلال نے زخمی شخص کو اپنی نگرانی میں شہید نواب غوث بخش میموریل ہسپتال منتقل کیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ پولیس رپورٹ کے مطابق زخمی شخص کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے، جبکہ بچوں کی والدہ نے انہیں ہسپتال منتقل کرنے سے انکار کیا۔ پولیس تھانہ ولی خان نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ 11

نہیں ہو رہی۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر وکلا صفائی کو جراح کی ہدایت کردی جبکہ اگلی استغاثہ کے بقیہ تمام گواہان کو طلب کرلیا۔ کیس میں مجموعی طور پر 20 گواہان کے بیانات ریکارڈ ہو چکے ہیں، کیس کی مزید سماعت 30 نومبر تک ملتوی کردی گئی۔

بقیہ 12

کر جزوی طور پر سمندر میں ڈوب گیا۔ لیبیا کے حکام کے مطابق حملے کے نتیجے میں دھماکہ ہوا اور جہاز میں آگ لگ گئی، جسے بعد میں بجھا دیا گیا۔ روسی جنگی جہاز بنغازی کے بحری اڈے پر ایندھن اور رسد لینے کے لیے لنگر انداز تھا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق جہاز کو سمندری ڈرونز سے نشانہ بنایا گیا۔ ابتدائی مطابق 6 ڈرون حملے میں استعمال ہوئے، جن میں سے 4 کو روک لیا گیا جبکہ 2 جہاز سے ٹکرا گئے۔ سیٹلائٹ تصاویر میں جہاز کا بڑا حصہ الٹا اور پانی میں ڈوبا ہوا دکھائی دیا روسی اور لیبیائی اہلکاروں سمیت 10 افراد زخمی ہوئے، جنہیں معمولی زخم آئے۔

بقیہ 13

نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو حراست میں لے لیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ کوئٹہ پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، امن و امان کے قیام اور شہر میں خوف و ہراس پھیلانے والے عناصر کی روک تھام کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 14

ہیں۔ دوسری جانب اسی مدت میں پیٹرو یم مصنوعات پر عائد کاربن فٹ سپورٹ لیوی کی مد میں تقریباً 47 ارب روپے کی الگ وصولی کی گئی۔

بقیہ 15

ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ 1973 کا آئین کوئی آسمانی صحیفہ نہیں۔ آئین پاکستان کی خودساختہ چیمپئن پیپلز پارٹی اپنے بانی ذوالفقار علی بھٹو کے آئین میں 27 ترامیم کروا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد وفاق بجٹ کے پہلے دن ہی مالی طور پر لاچار ہو جاتا ہے، جبکہ چاروں طاقتور اور بااختیار صوبے ہزاروں ارب روپے سالانہ وصول کرنے کے باوجود اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے سے گریزاں ہیں۔ 16 سال میں وفاق سے 22 ہزار ارب روپے ملنے کے باوجود کراچی سے کشمور تک دھول اڑ رہی ہے۔ مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ اندرون سندھ سینکڑوں ماں کی بیٹیاں اغوا ہو جاتی ہیں اور معصوم بچے ایڈز میں مبتلا ہو رہے ہیں، لیکن کوئی پرسان حال نہیں۔ روزانہ کھلے مین ہولز میں گرنے، ڈمپروں کے نیچے آنے اور موبائل فون چھننے کے واقعات میں قوم کے بچے موت کے منہ میں جا رہے ہیں، لیکن کسی کی غیرت نہیں جاگتی اور نہ کوئی ریلی نکالی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کی جدوجہد آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پرامن اور ہوش مندی سے جاری ہے۔ جو خود کانٹا چبھنے کی تکلیف برداشت نہیں کرسکتے، وہ نئے صوبوں کے قیام پر سندھ کے شہری علاقوں کو خون میں نہلانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بڑی جدوجہد اور قربانیوں کے بعد پاکستان کے معاشی حب کراچی کو را کے تسلط سے آزاد کروایا ہے، اب دوبارہ بھائی کو بھائی سے نہیں لڑنے دیں گے۔ ہمارے ہوتے ہوئے لسانی بنیادوں پر شہری سندھ میں خون خرابہ کروانے کے خواہش مندوں کو شدید مایوسی کا سامنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں لسانی تفریق کی بنیاد پر خون خرابے کے ذریعے اصل مسائل سے توجہ ہٹائی جاتی تھی، جبکہ آج تمام زبانیں بولنے والے مشترکہ حقوق کے حصول کے لیے ایم کیو ایم پاکستان کے پرچم تلے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں۔ تمام زبانیں بولنے والوں، خصوصاً سندھی بھائی بہنوں کی جان، مال، عزت اور آبرو کا تحفظ ہم پر واجب ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کراچی تیار ہے، ظلم کا خاتمہ ہوگا اور مظلوم عوام کے لیے راحت کا دور شروع ہونے والا ہے۔ ان شاءاللہ اگلے سال سے پاکستان کی حقیقی آزادی کے دائمی عہد کا آغاز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک تاریخی موقع ہے، پاکستان میں نئے صوبے بنا کر عوام کو ظالم، نااہل اور کرپٹ حکمرانوں کے چنگل سے نکالنے والوں کو تاریخ یاد رکھے گی۔

بقیہ 16

میں درج ہے، ریفرنڈم سے کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔

بقیہ 17

تعاون دونوں برادر ممالک کو قریب لائے گا، معاہدہ عدالتی تعاون کو نئی بلندیوں پر لے جائے گا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے مزید کہا کہ قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں، پاکستان نیعدالتی نظام میں اصلاحات متعارف کرائی ہیں، عدالتی نظام میں جدید ٹیکنالوجی کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ای کورٹس سے انصاف تک رسائی آسان ہوگی، معاہدہ دونوں ممالک کے عدالتی نظام کو جدید بنائے گا۔ ترکیہ کورٹ آف کیسیشن کے صدر عمر کریز نے کہا کہ پاکستان کیساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، پاکستان کیساتھ غیر معمولی اعتماد اور مشترکہ اقدار پر استوار ہیں۔ عمر کریز نے کہا کہ قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراہمی کیلئے مشترکہ کوششیں ضروری ہیں، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عدالتی نظام معتبر اور شفاف بنانا ضروری ہے۔

بقیہ 18

پاکستان اور پرتگال کے درمیان تعلقات کا جائزہ لیا۔ پرتگال کے وزیر خارجہ پالو سنجل نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرتگال کے عزم کا اعادہ کیا اور اقوام متحدہ میں پاکستان کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان قریبی تعلقات کے فروغ میں پرتگال میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے کردار کو سراہا، رہنماں نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ پرتگال کے وزیر خارجہ نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔

بقیہ 19

کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پیٹرول کی قیمتوں کا تعین روزانہ کے بجائے ہر 30 روز بعد کیا جائے، ڈیلرز کے منافع کا مارجن کم از کم 8 فیصد مقرر کیا جائے، مطالبات منظور نہ ہوئے تو ملک گیر ہڑتال کریں گے۔ ملک خدا بخش نے کہا کہ ڈیلرز کا سرمایہ ختم ہو رہا ہے، پیٹرول منگوانے کے پیسے نہیں بچیں گے، پیٹرول پمپس بند ہونے کا خدشہ ہے، پیٹرول نہ ملا تو عوام میں بے چینی اور امن و امان کی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے اور پمپس پر توڑ پھوڑ کے واقعات کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین نعمان علی بٹ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں روزانہ تبدیل ہونے سے ڈیلرز کو مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ڈیلرز ایک قیمت پر اسٹاک خریدتے ہیں تاہم قیمتیں کم ہونے پر انہیں مہنگا خریدا گیا اسٹاک کم قیمت پر فروخت کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ قیمتوں میں تبدیلی سے خریداری، سرمایہ کاری اور کاروباری منصوبہ بندی بھی مشکل ہوگئی ہے جبکہ پیٹرول پمپس پر صارفین کے ساتھ قیمتوں کے حوالے سے الجھن پیدا ہوتی ہے۔ نعمان علی بٹ کا کہنا تھا کہ ایسوسی ایشن کے ارکان چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد ہیں جو عوام کو ضروری سہولت فراہم کرنے کے ساتھ روزگار بھی مہیا کرتے ہیں۔ موجودہ صورتحال برقرار رہی تو کئی پیٹرول پمپس بند ہونے اور روزگار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ روزانہ قیمتوں کی تبدیلی کا نظام ختم کرکے ماہانہ قیمتوں کا نظام بحال کیا جائے، اس سے قیمتوں میں استحکام اور کاروباری منصوبہ بندی میں آسانی ہوگی۔ وائس چیئرمین نے وزیراعظم اور متعلقہ اداروں سے مسائل جلد حل کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ایسوسی ایشن مذاکرات کے لیے تیار ہے، تاہم مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں باہمی مشاورت سے آئندہ لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

بقیہ 20

رشید شیرزئی اور عبدالقدیر جمالدینی جاں حق ہوگئے۔ واقعے کے بعد مقامی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے موقع پر پہنچ کر ضروری کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ 21

کے دوران پارلیمانی سیکرٹری ولی محمد نورزئی نے بلوچستان غیر رسمی تعلیم کا مسودہ قانون ایوان میں پیش کیا، جسے ایوان نے منظور کرلیا۔ اسی طرح صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نے بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر کا مسودہ قانون ایوان میں پیش کیا۔ مذکورہ مسودہ قانون پہلے ہی متعلقہ قائمہ کمیٹی سے منظور ہو چکا تھا، جس کے بعد اسمبلی نے اسے بھی منظور کرلیا۔

بقیہ 22

ایوان سے واک آؤٹ کرگئے۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ جو کچھ ہورہا ہے وہ افسوسناک ہے، نیشنل پارٹی کے اراکین اس صورتحال پر احتجاجاً واک آؤٹ کرتے ہیں۔ دوسری جانب رکن اسمبلی نور محمد دمڑ نے اظہار خیال کرتے

بقیہ 1

کہا کہ ملک کی حفاظت کے لیے اتنی بڑی قربانیاں دینے والے اداروں کے خلاف بات کرنا مناسب نہیں۔ رہنما خواہ کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو، اسے ملکی افواج کے خلاف بات کرنا زیب نہیں دیتا۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے ایوان کو بتایا کہ انہیں مولانا فضل الرحمن کی سیکیورٹی کے حوالے سے علم نہیں، تاہم مولانا فضل الرحمٰن ملک کے ایک زیرک سیاستدان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت ایک نازک دور سے گزر رہا ہے، جب ہم رات کو سکون سے سوتے ہیں تو ہمارے سیکیورٹی ادارے ملک کی حفاظت کے لیے جاگ رہے ہوتے ہیں، ایسے اداروں کے خلاف بات کرنا مناسب نہیں۔

بقیہ 23

جانب کی جانب سے متعلقہ شرائط پوری کیے جانے کی صورت میں جلد از جلد ان پر عمل درآمد کرے گا۔ اسماعیل بقائی نے امریکہ کی جانب سے مسلسل دھمکیوں اور جنگ میں کامیابی کے دعوں کو بھی مسترد کردیا، انہوں نے کہا کہ واشنگٹن کی طرف سے فتح کے اعلانات تقریباً روزانہ کا معمول بن چکے ہیں، تہران ایرانی عوام کے حقوق اور قومی مفادات کے دفاع سے پیچھے نہیں ہٹے گا، ایران اپنے مقاصد اور عوام کے حقوق سے پوری طرح آگاہ ہے اور ان کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گا، امریکی دھمکیاں ایرانی عوام کو اپنی سرزمین یا قومی وقار سے دستبردار نہیں کرسکتیں بلکہ اس طرح کے بیانات ملک کے عزم اور اتحاد کو مزید مضبوط کرتے ہیں۔ بتایا جارہا ہے کہ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب چند گھنٹے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ اگر نئے سال تک ایران کے ساتھ کوئی معاہدہ نہ ہوسکا تو وہ دوبارہ جنگ شروع کرنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں، ایک طرف امریکی صدر کے اس بیان نے کشیدگی اور خدشات کو ہوا دی تو دوسری جانب ایرانی عسکری قیادت کے سخت بیانات، زیر زمین میزائل سرنگوں اور نئے لانچر کی نمائش کے بعد سفارتی محاذ پر اسماعیل بقائی کے تازہ بیان نے مشروط پیشرفت اور سخت مقف کے درمیان موجود کشمکش کو نمایاں کردیا۔

بقیہ 24

رکھتے ہیں۔ ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ میں جنگ کے خاتمے اور کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارتی رابطوں کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔

بقیہ 25

کیا گیا تھا۔ دریں اثنا کراچی سینٹرل جیل انسداد دہشتگردی کمپلیکس میں قائم صوبائی کنٹرول آف نارکوٹکس عدالت نمبر 2 کے روبرو ڈرگ ڈیلر ملزمہ انمول عرف پنکی و دیگر کیخلاف منشیات کے ایک اور مقدمے کی سماعت ہوئی۔ جیل حکام نے ملزمہ انمول عرف پنکی کو پیش کیا تاہم استغاثہ کے گواہ پیش نہیں ہوئے۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر گواہان کو حاضری یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی، پولیس کے مطابق ملزمان کیخلاف گارڈن تھانے میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 26

پر تاجکستان اور ایران کے حکام سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کیں، جن میں ثقافتی تعاون اور باہمی روابط کے فروغ سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ تین روزہ فورم کے آخری روز انڈر سیکرٹری اعلامیہ منظور کیا گیا۔ اعلامیے میں مشترکہ ثقافتی منصوبوں کے فروغ، تہذیبی ورثے کے تحفظ، ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام اور مختلف تہذیبوں کو مساوی اہمیت دینے پر زور دیا گیا۔ فورم کا بنیادی مقصد ثقافتی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے درمیان ثقافتی روابط اور تہذیبی تعاون کو مضبوط بنانا تھا۔

بقیہ 27

کرنے والی کمپنیوں کو متبادل ممالک سے سپلائی کی پیشکش بھی دینا ہوگی۔ گندم کی درآمد کے خواہشمند سپلائرز کے لیے کم از کم 5 سال کا برآمدی تجربہ اور گزشتہ پانچ سال کے دوران کم از کم 50 ہزار ٹن گندم برآمد کرنے کی شرط عائد کی گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق درآمد کی جانے والی گندم سال 2026 کی نئی فصل کی ہونی چاہیے، جس میں نمی کی زیادہ سے زیادہ شرح 14.5 فیصد، پروٹین کم از کم 10 فیصد اور ویٹ گلوٹن کی مقدار کم از کم 23 فیصد مقرر کی گئی ہے۔ غیر معیاری گندم مسترد کردی جائے گی، جبکہ ٹھیکے کا فیصلہ مجموعی طور پر کم ترین لاگت کی بنیاد پر ہوگا۔ گندم کی ترسیل کے لیے دو مرحلے مقرر کیے گئے ہیں۔ پہلے مرحلے میں 4 لاکھ ٹن گندم 25 دسمبر 2026ء سے 5 جنوری 2027 کے دوران پاکستان روانہ کرنا ہوگی، جبکہ مزید 4 لاکھ ٹن گندم 6 سے 15 جنوری 2027 کے دوران روانہ کی جائے گی۔ ٹینڈر کے مطابق تمام 8 لاکھ ٹن گندم 15 فروری 2027 تک کراچی یا گوادر کی بندرگاہوں پر پہنچانا لازمی ہوگا۔ مقررہ وقت پر گندم کی ترسیل نہ کرنے کی صورت میں ابتدائی جرمانہ 25 امریکی سینٹ فی ٹن یومیہ مقرر کیا گیا ہے۔ ٹی سی پی نے ٹینڈر میں گندم کی مقررہ مقدار میں 10 فیصد کمی یا اضافے کی گنجائش بھی رکھی ہے، جس کے تحت حتمی درآمدی مقدار میں ضرورت کے مطابق ردوبدل کیا جاسکے گا۔

بقیہ 28

ٹائٹل اپنے نام کیا، جوان کوششوں کے مؤثر نتائج کا مظہر ہے۔ سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی سرپرستی میں ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کی نشاندہی اور آبیاری، نوجوان کھلاڑیوں کے لیے مواقع میں وسعت اور عالمی اسکواش میں پاکستان کے تاریخی مقام کی بحالی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ بین الاقوامی اسکواش چیمپئن شپ کے انعقاد، کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کی ترقی کے ذریعے پاک فضائیہ ملک میں اسکواش کے فروغ اور عالمی سطح پر پاکستان کے تشخص کو مستحکم بنانے میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے۔ چیمپئن شپ میں اعلیٰ سول و عسکری حکام، نامور اسکواش پلیئرز اور کھیلوں کی دنیا کی ممتاز شخصیات کی شرکت متوقع ہے، جس سے ایونٹ کی اہمیت اور وقار میں مزید اضافہ ہوگا۔ چیف آف دی ایئر اسٹاف انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ 2026 پاکستان میں اسکواش کے احیا کے لیے پاک فضائیہ کے مسلسل عزم کی عکاس ہے۔ یہ ایونٹ مقامی کھلاڑیوں کو بین الاقوامی حریفوں کے خلاف کھیلنے اور قیمتی مسابقتی تجربہ حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرے گا۔ اس نوعیت کے اقدامات کا مقصد کھیلوں میں اعلیٰ معیار کے حصول، مستقبل کے چیمپئنز کی تربیت اور عالمی اسکواش میں پاکستان کو دوبارہ صفِ اول کی اقوام میں شامل کرنے کی راہ ہموار کرنا ہے۔

بقیہ 29

اعلان کیا کہ ضلع بھر میں جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقے میں موجود تمام کمانڈرز، مسلح جتھوں اور منشیات کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ ڈی آئی جی ژوب ریجن نے واضح کیا کہ امن و امان کے قیام کے لیے ہر شر پسند کے گھر تک پہنچ کر ان کا قلع قمع کیا جائے گا۔

بقیہ 30

جائے اور طلباء کو پرامن، سازگار اور تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے تاکہ وہ پوری توجہ اور اطمینان کے ساتھ اپنے امتحانات دے سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے، امتحانی نظام میں شفافیت برقرار رکھنے اور نقل کے رجحان کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، جبکہ امتحانات کی مسلسل نگرانی کا مقصد تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط، میرٹ اور معیاری تعلیمی ماحول کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ 31

کی ضمانت ہی پائیدار امن و ترقی کی بنیاد ہے۔ صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی زندگیوں کو تباہ و برباد کرنے میں حکومت نے کوئی کسر نہیں چھوڑی، حکومتی ناقص پالیسیوں، غیر سنجیدہ طرزِ حکمرانی اور عوامی مسائل سے مسلسل چشم پوشی نے صوبے کو سنگین بحرانوں سے دوچار کر دیا ہے، حکومت اپنی آئینی و قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے کی بجائے نمائش پر اربوں روپے خرچ کر رہی ہے۔

بقیہ 32

کے ذریعے ملزم کو گرفتار کرکے مزید قانونی کارروائی کے لیے پولیس تھانہ حاجی شہر کے حوالے کردیا ایس ایس پی کچھی نے کامیاب کارروائی پر سی آئی اے نصیرآباد کے افسران و جوانوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے تعریفی اسناد اور نقد انعام دینے کا اعلان کیا۔

بقیہ 33

میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے اتفاقِ رائے سے جلد پیش رفت ہوگی۔ اتوار کو نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مختلف حلقوں کی جانب سے نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے اپنی تجاویز اور آراء پیش کی گئی ہیں تاہم حتمی مسودہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے باہمی اتفاقِ رائے سے مشترکہ فورم کے ذریعے تیار کیا جائے گا۔ ایک سوال کے جواب میں وزیر دفاع نے کہا کہ اختیارات اور وسائل کو نچلی سطح تک منتقل کرنے کو یقینی بنانے کے لیے نئے صوبوں کا قیام ضروری ہے، جبکہ سجاول آباد کے چار ٹیوب ویلوں سے پانی ہزارہ ٹان قبرستان کے تین لاکھ گیلن گنجائش والے ذخیرے سمیت دیگر آبی ذخائر تک پہنچانے کے انتظامات کیے جارہے ہیں۔ حکام کے مطابق اختر آباد ڈیم کے قریب پانچ ٹیوب ویل بجلی، پائپ لائنوں اور دیگر ضروری تعمیراتی کاموں کی عدم تکمیل کے باعث تاحال فعال نہیں ہوسکے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ ہزارہ ٹان کے سات بلاکس کو پانی فراہم کیا جارہا ہے، تاہم فراہمی غیر باقاعدہ اور انتہائی محدود ہے۔ عدالت نے بی واسا کے متعلقہ انجینئر کو ہدایت کی کہ پانی کی ترسیل کے لیے پرانی اور خستہ حال پائپ لائنوں کی فوری مرمت اور تبدیلی سمیت ضروری کام بلا تاخیر مکمل کیے جائیں اور اس ضمن میں آئندہ سماعت پر پیش رفت رپورٹ جمع کرائی جائے۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کو کوئٹہ شہر اور گردونواح میں پانی کی فراہمی کے مستقبل کے حوالے سے جامع منصوبہ بندی پر مبنی رپورٹ بھی پیش کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے حکم کی نقل ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے دفتر کو بھجوانے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 23 دسمبر 2026 تک ملتوی کردی۔

بقیہ 40

ہوگا۔ مقابلے میں پاکستان سمیت 32 ممالک کے ممتاز قراد و سرے بین الاقوامی مقابل حسنِ قرت میں شرکت کریں گے۔ کیمرون، ٹوگو، موزمبیق، ازبکستان، جرمنی، اردن، الجزائر، عراق، لیبیا، ترکیہ، تیونس، آئیوری کوسٹ، مصر، تنزانیہ، گیمبیا، نائجیریا، قطر، مراکش اور فرانس کے قرا پاکستان پہنچ گئے۔ ایران اور مصر سے دوسرے بین الاقوامی مقابل حسنِ قرت کے ججز بھی پاکستان پہنچ گئے، دوسرے بین الاقوامی مقابل حسنِ قرت کا انعقاد 24 سے 26 نومبر تک اسلام آباد میں ہوگا، معروف عالمی قاری سید صداقت علی دوسرے بین الاقوامی مقابل حسن قرت کے چیف جج ہوں گے۔

بقیہ 41

بخش مہر، فیصلی ممبران، انتظامی افسران اور طلبہ کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ اختتامی کلمات میں ڈین فیکلٹی آف سائنسز اینڈ انجینئرنگ ڈاکٹر محب اللہ نے

سیمینار کے انعقاد کو سراہتے ہوئے ماہی گیری کے شعبے کی پائیدار ترقی کے لیے تحقیق، معیاری تعلیم اور ادارہ جاتی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ سیمینار کا مقصد گوادر اور بلوچستان میں ماہی گیری کے شعبے کی پائیدار ترقی، ساحلی آبادیوں کے معاشی استحکام اور نوجوانوں و خواتین کے لیے روزگار کے نئے مواقع کے حوالے سے علمی و تحقیقی شعور اجاگر کرنا تھا۔

بقیہ 42

مستقبل اور سائنس و ٹیکنالوجی کی دنیا میں اہم مقام کو تشکیل دیں گی۔ چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن ڈاکٹر راجہ علی رضا انور نے کہا کہ پاکستان کے 6 نیوکلیئر پاور پلانٹس 3 ہزار 500 میگاواٹ سے زائد نیوکلیئر انرجی پیدا کررہے ہیں جبکہ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے 21 کینسر ہسپتال ملک کے تقریباً 80 فیصد کینسر مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کررہے ہیں۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن اور انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے اشتراک سے منعقدہ ورکشاپ میں عالمی اور مقامی ماہرین لیکچرز دیں گے، ورکشاپ کے دوران طلبہ کے انتخاب، تربیت، رہنمائی اور جدید سائنسی علوم کی تدریس پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔

بقیہ 43

رہنماؤں کی تیاری کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے پیشہ وارانہ تعلیم مکمل کرنے والے طلبہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ گریجویشن اختتام نہیں بلکہ نئی ذمہ داریوں اور مواقع کا آغاز ہے، نوجوان اپنی پیشہ وارانہ کامیابی کے ساتھ ملک وقوم کی ترقی کو بھی ترجیح دیں کیونکہ فارغ التحصیل طلبہ کی حقیقی کامیابی ملک وقوم کے لئے ان کی خدمات میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایسے ماہرین کی ضرورت ہے جو جدید معاشی تقاضوں کو سمجھتے ہوئے ملکی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرسکیں، پیشہ وارانہ مہارت کے ساتھ دیانتداری اور قومی ذمہ داری کا احساس معاشی ترقی کے لئے ناگزیر ہے۔ اس موقع پر آئی سی ایم اے پاکستان کے صدر محمد یاسین نے ادارے کی تاریخ، پیشہ وارانہ تعلیم اور قومی خدمات پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے اختتام پر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کامیاب طلبہ میں اسناد اور یادگاری شیلڈز تقسیم کیں۔

بقیہ 44

جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال پاکستان کے پہلے تاریخی خلائی مشن کی تیاریوں کے سلسلے میں چین کے شہر جیایوگوان پہنچ گئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کا پہلا خلانورد چینی خلائی اسٹیشن کا پہلا غیر ملکی مہمان بن کر ملکی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے اس تاریخی خلائی مشن کے لیے دو پاکستانی خلانورد چین میں خصوصی تربیت کا میابی سے مکمل کر چکے ہیں، جبکہ ان میں سے ایک کا حتمی انتخاب خلائی پرواز سے قبل کیا جائے گا۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستانی خلانورد کی تاریخی خلائی پرواز پاک چین خلائی تعاون کے ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوگی۔ یہ مشن نہ صرف پاکستان کی خلائی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ہوگا بلکہ دونوں ممالک کے درمیان فولادی دوستی اور سائنسی و تکنیکی تعاون کی ایک نئی علامت بھی بنے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کا یہ تاریخی خلائی مشن قومی سائنسی صلاحیتوں کے اظہار اور خلائی تحقیق کے شعبے میں مستقبل کے نئے امکانات کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 45

مطابق حادثہ تہنرور ڈرائیور کی دورانِ

امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

اسپیکر ایاز صادق کا ریفرنڈم سے متعلق سوال کا جواب دینے سے گریز

اسلام آباد (اے این این) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ریفرنڈم سے متعلق سوال کا جواب دینے سے گریز کیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں صحافی نے اسپیکر ایاز صادق سے استفسار کیا کہ صدر مملکت آصف زرداری سے ملاقات میں کیا بات ہوئی؟ کیا ریفرنڈم پر کوئی تحریک آرہی ہے؟ اس پر اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ صدر مملکت سے صرف ملاقات ہی نہیں ہوئی، میں تو گلے بھی ملا، ہماری گپ شپ بھی ہوئی، اصل بات تو یہ ہے۔ اس موقع پر اسپیکر نے ریفرنڈم سے متعلق سوال پر جواب دینے سے گریز کیا۔ صحافی نے پوچھا کہ قومی اسمبلی اجلاس میں تاخیر کیوں ہورہی

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

سی آئی اے پولیس لسبیلہ کی کارروائی، موٹر سائیکل لفٹر گرفتار، کراچی سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد

ملزم کو دورانِ سنیپ چیکنگ وڈی مسجد چیک پوسٹ پر روکا گیا، اوتھل تھانے میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع

اوتھل (یو این اے) انچارج CIA لسبیلہ جان محمد جاموٹ کی کامیاب کارروائی موٹر سائیکل لفٹر گرفتار، چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد لسبیلہ پولیس کے ترجمان کی پریس ریلیز کے مطابق انچارج CIA پولیس لسبیلہ جان محمد جاموٹ نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ دوران سنیپ چیکنگ مین۔آر۔سی۔ڈی روڈ وڈی مسجد چیک پوسٹ اوتھل کے مقام پر کراچی/حب کی جانب سے آنے والی ایک موٹر سائیکل سوزوکی 110 رجسٹریشن نمبر KQI-1021 کو مشکوک جان کر روکا۔ موٹر سائیکل سوار نے دریافت پر اپنا نام و پتہ عنایت اللہ ولد دولت خان قوم زہری سکنہ گدر شانہ ڈسٹرکٹ سوراب بتلایا۔ جس سے موٹر سائیکل کے کاغذات طلب کیے گئے لیکن پیش نہ کرسکا۔ موٹر سائیکل کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے پر پتہ چلا کہ موٹر سائیکل متذکرہ بالا کراچی کے تھانہ سہراب گوٹھ کی حدود سے گن پوائنٹ پر چھینی گئی ہے۔ ملزم نے چھینی گئی موٹر سائیکل قبضہ خود میں رکھ کر جرم زیر دفعہ 412 ت پ کا ارتکاب کیا۔ جس کے خلاف اوتھل پولیس نے مقدمہ نمبر 77/2026 درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔ انچارج CIA لسبیلہ جان محمد جاموٹ کی کامیاب کارروائی موٹر سائیکل لفٹر گرفتار، چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد لسبیلہ پولیس

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

یمن کے ساحلی شہر پر سعودی حملے میں 4 افراد ہلاک، 18 زخمی، حوثی میڈیا

صنعا (اے این این) یمن کے حوثی میڈیا نے دعوی کیا ہے کہ سعودی عرب کی جانب سے یمن کے ایک بندرگاہی شہر پر حملے کے نتیجے میں 4 افراد ہلاک اور 18 زخمی ہوگئے۔ حملے میں مبینہ طور پر شہری علاقوں اور تنصیبات کو نقصان پہنچا، جبکہ زخمیوں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ یمن کے حوثی میڈیا کے مطابق سعودی عرب کے فضائی حملے میں اہم بندرگاہی شہر حدیدہ میں 4 افراد ہلاک اور 18 زخمی ہوگئے۔ حملے میں یمن کی سرکاری ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن کی عمارت کو نشانہ بنایا گیا۔ حملہ بیجرہ احمر کے ساحل پر واقع شہر حدیدہ میں کیا گیا۔ حوثی میڈیا کے مطابق نشانہ

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈیرہ مراد جمالی، ریلوے ٹریک پر دھماکے سے پٹڑی کو جزوی نقصان پہنچا

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کے گزرنے سے کچھ دیر قبل ڈیرہ مراد جمالی تھانہ صدر کی حدود میں ریلوے ٹریک پر دھماکے کے نتیجے میں پٹڑی کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دھماکہ اس وقت ہوا جب کچھ ہی دیر بعد جعفر ایکسپریس نے مذکورہ ٹریک سے گزرنا تھا، تاہم خوش قسمتی سے ٹرین محفوظ رہی۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کے بعد ریلوے ٹریک کی مرمت، سیکیورٹی صورتحال اور دھماکے کی نوعیت سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں۔ پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کے گزرنے سے کچھ دیر قبل ڈیرہ مراد جمالی تھانہ صدر کی حدود میں ریلوے ٹریک پر دھماکے کے نتیجے میں پٹڑی کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دھماکہ اس وقت ہوا جب کچھ ہی دیر بعد جعفر ایکسپریس نے مذکورہ ٹریک سے گزرنا تھا، تاہم خوش قسمتی سے ٹرین محفوظ رہی۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کے بعد ریلوے ٹریک کی

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

الزامات مسائل کا حل نہیں پاکستان کے پاس دہشتگردی کے شواہد ہیں مصدق ملک

دہشت گردی کا معاملہ ضرور زیر بحث آئے گا، تاہم اس حوالے سے ہونے والی ہر بات مستند شواہد کی بنیاد پر ہونی چاہیے

پاکستان متعدد مرتبہ بھارت سے دہشت گردی کے حوالے سے ٹھوس ثبوت فراہم کرنے کا مطالبہ کرچکا ہے، وفاقی وزیر

نئی دہلی (اے این این) وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا ہے کہ الزامات لگانے سے مسائل کا حل نہیں نکلتا، پاکستان کے پاس دہشت گردی کے شواہد موجود ہیں۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک نے کہا کہ دہشت گردی کا معاملہ ضرور زیر بحث آئے گا، تاہم اس حوالے سے ہونے والی ہر بات مستند شواہد کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔ محض الزامات لگانے کے بجائے حقائق سامنے لانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے اثرات سب سے زیادہ پاکستان نے برداشت کیے ہیں، جبکہ پورا خطہ اس سنگین مسئلے سے متاثر ہے۔ اس چیلنج سے نمٹنے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے تمام ممالک کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایک دوسرے پر الزامات عائد کرنے اور اشتعال انگیز بیانات دینے سے مسائل حل نہیں ہوسکتے۔ پاکستان متعدد مرتبہ بھارت سے دہشت گردی کے حوالے سے ٹھوس ثبوت فراہم

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)



لاہور، پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ندیم افضل چن و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

پاکستانیوں کو ملائیشیا میں 20 سالہ رہائش، ویزا پروگرام کی نئی تفصیلات جاری

ملائیشیا نے اپنے طویل مدتی رہائشی پروگرام کیلئے پاکستان میں مقامی کمپنی کو مجاز نمائندہ مقرر کردیا

کراچی (اے این این) بیرون ملک طویل عرصے تک رہائش اختیار کرنے کے خواہش مند پاکستانیوں کے لیے ملائیشیا میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ ملائیشیا نے اپنے طویل مدتی رہائشی پروگرام کے سلسلے میں پاکستان میں ایک مقامی کمپنی کو مجاز نمائندہ مقرر کردیا ہے، جس سے پاکستانی شہریوں کے لیے اس پروگرام میں درخواست دینے اور ضروری مراحل سمجھنے میں آسانی ہوسکے گی۔ کراچی میں ملائیشیا کے قونصل خانے کی جانب سے حالیہ ہونے والی میڈیا بریفنگ میں اعلان کیا گیا کہ پاکستانی ٹریول کمپنی گرین لینڈ ٹریولز کو ملائیشیا کے رہائشی پروگرام ملائیشیا مائی سیکنڈ ہوم یعنی ایم 2 ایچ کے لیے پاکستان میں مجاز نمائندہ مقرر کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت غیر ملکی شہری مختلف شرائط پوری کرکے ملائیشیا میں 5 سے 20 سال تک رہائش اختیار کرسکتے ہیں۔ اس کی چار کیٹیگریز ہیں، جن میں سلور، گولڈ، پلاٹینم اور اسپیشل اکنامک زون یا اسپیشل فنانشل زون شامل ہیں۔ ملائیشیا نے یہ پروگرام 2002 میں شروع کیا تھا۔ اس کا مقصد دوسرے ممالک کے

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

لکی مروت میں پولیس وین پر دھماکا، دو اہلکاروں سمیت 5 افراد زخمی

پشاور (اے این این) لکی مروت میں تھانہ صدر پولیس وین پر آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں دو اہلکاروں سمیت پانچ افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ تمام زخمیوں کو ٹی ایچ کیو اسپتال لکی منتقل کردیا گیا۔ زخمی ہونے والے اہلکاروں میں کامران اور سجاد جبکہ شہریوں میں ثنا اللہ، شفقت اللہ اور محمد ذیشان شامل ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا۔ لکی مروت میں تھانہ صدر پولیس وین پر آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں دو اہلکاروں سمیت پانچ افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حملے میں کوئی جانی

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈی آئی خان، دہشتگردوں کو جدید اسلحہ فراہم کرنے کی کوشش ناکام

پولیس نے مشکوک جان کر دو گاڑیوں کی تلاشی لی تو خفیہ خانوں سے اسلحہ برآمد ہوا، حکام

ڈی آئی خان (اے این این) پولیس نے دہشت گردوں کو جدید اسلحہ فراہم کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں مغل کوٹ پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کو جدید اسلحہ فراہم کرنے کی کوشش ناکام بنا دی اور 2 گاڑیوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کرلیا۔ حکام کے مطابق مغل کوٹ چیک پوسٹ پر ناکہ بندی کے دوران 2 مشکوک کاروں کی تلاشی لی گئی، جس کے دوران گاڑیوں میں بنائے گئے خفیہ خانے پکڑے گئے۔ کارروائی کے دوران 2 عدد HMG رائفلیں، 5 عدد M249 بیرلز اور 22 عدد 12 بور بیرلز برآمد کیے گئے۔ پولیس نے 2700 عدد M4 کارتوس، 120 خالی M4 میگزین اور بھاری مقدار میں دیگر اسلحہ بھی برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق اسلحہ اسمگلنگ میں ملوث ہونے کے شبہے میں 3 ملزمان احسان اللہ، رنبواز اور زاہد آفریدی کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ گرفتار ملزمان کا تعلق پشاور اور کوہاٹ سے ہے، جن کے خلاف پولیس نے مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔ یہ کارروائی

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاکستان میں 2 نئی رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ اسکیمیں رجسٹرڈ، تعداد 31 ہوگئی

رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ اسکیمیں منظم سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتی ہیں، چیئرمین ایس ای سی پی

کراچی (اے این این) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے 2 نئی رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ اسکیمیں رجسٹرڈ کرلیں، جس کے بعد ریٹیس کی تعداد بڑھ کر 31 ہوگئی ہے۔ نئی اسکیموں میں اے ٹی ایم ٹی ڈیول سیریز ون اور امپیریم ٹاور شامل ہیں۔ اے ٹی ایم ٹی ڈیول اسکیم اسلام آباد میں پراپرٹی ڈیولپمنٹ اور کرایے کی آمدنی پر مبنی ہے، جبکہ امپیریم ٹاور اسکیم لاہور کی کمرشل رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کرے گی۔ ایس ای سی پی کے مطابق پاکستان میں 43 لائسنس یافتہ رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ مینجمنٹ کمپنیاں کام کررہی ہیں، جن میں سے 7 اسکیمیں اسٹاک ایکس چینج میں لسٹڈ اور 21 شریعہ کمپلائنٹ ہیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق 30 ستمبر 2026 تک رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ سیکٹر کے اثاثے 275.85 ارب روپے تھے۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا ہے کہ رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ اسکیمیں منظم سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شفافیت، بہتر گورننس اور

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)

پیپلز پارٹی کی ایم کیو ایم کے وفد سے ملاقات، ریلی ملتوی کرنے کی درخواست

کراچی (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے وفد کی سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے چیمبر میں متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے وفد سے ملاقات، جس میں کراچی میں مجوزہ ریلی کو ملتوی کرانے کے معاملے پر بات چیت کی گئی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کا وفد سندھ کے صدر نثار کھوڑو کی قیادت میں سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے چیمبر پہنچا، جہاں ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں سے مشاورت کا آغاز ہوا۔ نثار کھوڑو کی سربراہی میں پیپلز پارٹی کے وفد میں پارٹی کے جنرل سیکرٹری سینیٹر وقار مہدی، صوبائی وزیر داخلہ ضیا الحسن لنجار اور صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر شاہ شامل تھے۔ دوسری جانب متحدہ قومی موومنٹ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

میر رضا قتل کیس: جے آئی ٹی کا سوشل میڈیا ریکارڈ کیلئے عدالت سے رجوع

کراچی (اے این این) میر رضا قتل کیس کی تحقیقات کرنے والی جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم (جے آئی ٹی) نے میر رضا اور دو نامزد مشتبہ افراد کے سوشل میڈیا یا اور واٹس ایپ اکاؤنٹس کا ریکارڈ حاصل کرنے کے لیے عدالت سے رجوع کرلیا۔ کراچی میں نوجوان تاجر میر رضا علی کی پراسرار موت کے معاملے پر جوڈیشل کمیشن کی سفارشات اور مقتول کے اہل خانہ کے مطالبے پر بنائی گئی جے آئی ٹی کی تحقیقات جاری ہیں۔ جے آئی ٹی میں شامل تفتیشی افسر کی درخواست پر جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی نے میر رضا کے مشتبہ دوستوں علی شاز اور احمد بھاردے کو 24 نومبر کے لیے نوٹس جاری کردیے۔ تفتیشی افسر نے عدالت

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسلام آباد سے ماسکو کیلئے پہلی مال بردار ٹرین رواں سال روانہ کرنے کا منصوبہ ہے، پاکستانی سفیر

ماسکو (اے این این) پاکستان سے روس تک براہِ راست مال بردار ٹرین چلانے کی تیاریاں جاری ہیں۔ ماسکو میں پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی نے اسپتنک اردو کو خصوصی انٹرویو میں بتایا کہ اسلام آباد سے ماسکو کیلئے پہلی مال بردار ٹرین رواں سال کے آخر تک روانہ کرنے کا منصوبہ ہے۔ ٹرین کوئٹہ، تفتان، تہران، تبریز اور آستارا کے راستے روس پہنچے گی اور واپسی پر بھی تجارتی سامان لائے گی۔ پاکستانی سفیر کے مطابق بحیرہ اسود کی بندرگاہوں پر مسائل کے باعث زمینی راستوں کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ اس وقت ایک کنٹینر کی ترسیل پر 10 سے 11 ہزار ڈالر خرچ آتا ہے۔ جو ریلوے رابطہ شروع ہونے سے

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن کل منایا جائے گا

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن 25 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد خواتین پر گھریلو تشدد، جسمانی تشدد اور ان کے مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے اس دن کے حوالے سے خواتین حقوق کیلئے سرگرم سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین خواتین پر تشدد اور اس کے اگلی نسل پر مرتب ہونے والے بھیانک اثرات سے آگاہی فراہم کریں گے۔ خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کا آغاز اقوام متحدہ کے زیر اہتمام جنرل اسمبلی کی ایک قرارداد کی منظوری کے بعد 1999ء میں ہوا جس کے بعد ہر برس 25 نومبر کو دنیا بھر میں

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

روسی خبر رساں ادارے اسپوٹنک کی اردو نیوز سروس کا آغاز، وفاقی وزیر اطلاعات کا خیر مقدم

اسپوٹنک اردو زبان میں نیوز سروس شروع کرنے والا پہلا روسی خبر رساں ادارہ بن گیا

اسلام آباد (اے این این) روسی خبر رساں ادارے اسپوٹنک نے اپنی اردو نیوز سروس کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے، جس کے بعد وہ اردو زبان میں خبریں فراہم کرنے والا پہلا روسی خبر رساں ادارہ بن گیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے نئی سروس کے آغاز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے پاکستان اور روس کے عوام کے درمیان روابط اور باہمی اعتماد کو فروغ ملے گا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے اسپوٹنک اردو سروس کے آغاز پر خصوصی ویڈیو پیغام میں ادارے کی انتظامیہ اور ادارتی ٹیم کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ نئی اردو سروس دونوں ممالک کے عوام کو قریب لانے کے ساتھ باہمی افہام و تفہیم کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔ اس موقع پر اسپوٹنک نے پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی کا ماسکو میں اپنے اسٹوڈیو میں پہلا اردو انٹرویو بھی ریکارڈ کیا۔ انٹرویو میں پاکستانی سفیر نے پاکستان اور روس کے تعلقات اور دونوں ممالک کے درمیان میڈیا روابط کی اہمیت اجاگر کی۔ اسپوٹنک کے مطابق

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)



اسلام آباد، مغامجی یادداشت پر دستخط کی تقریب کے دوران چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی اور ترکیہ کی کورٹ آف کیسشن کے صدر دستاویزات پر دستخط کررہے ہیں

بنگلا دیش نے بھارت سے سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی فوری حوالگی کا مطالبہ کردیا

امید ہے بھارت معاہدے کا احترام کرتے ہوئے حوالگی کا عمل تیز کرے گا، بنگلا دیشی وزیر مملکت برائے خارجہ

ڈھاکہ (اے این این) بنگلا دیش نے بھارت سے سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی فوری حوالگی کا مطالبہ کردیا۔ بنگلا دیشی وزیر مملکت برائے خارجہ شمع عبید اسلام نے خبر رساں ادارے رائٹرز کو انٹرویو میں کہا کہ شیخ حسینہ کو قتل کے احکامات دینے کچہرم میں سزا سنائی جاچکی ہے، بھارت اور بنگلا دیش کے درمیان مجرموں کی حوالگی کا معاہدہ موجود ہے، شیخ حسینہ اور دیگر سزا یافتہ سابق وزرا کی واپسی کے لیے متعدد خطوط بھی ارسال کیے جاچکے ہیں۔ شمع عبید اسلام کا کہنا تھا کہ امید ہے بھارت معاہدے کا احترام کرتے ہوئے حوالگی کا عمل تیز کرے گا، شیخ حسینہ بنگلا دیش میں داخل ہوتے ہی گرفتار کرکے جیل بھیج دی جائیں گی۔ بنگلا دیشی وزیر مملکت نے تیرہ لاکھ سے زائد روہنگیا پناہ گزینوں کی محفوظ اور باوقار وطن واپسی کا مطالبہ بھی کیا۔ بنگلا دیش نے بھارت سے سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی فوری حوالگی کا مطالبہ کردیا۔ بنگلا دیشی وزیر مملکت برائے خارجہ شمع عبید اسلام نے خبر رساں ادارے رائٹرز کو انٹرویو میں کہا کہ شیخ حسینہ کو قتل کے احکامات دینے کچہرم میں سزا سنائی جاچکی

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے ڈومنتخب صدر رزاق عاصم اور دیگر عہدیداروں سے حلف لے رہے ہیں

آٹا کے نرخ میں کمی لانے کیلئے بہت بڑا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی آٹے اور گندم کی سپلائی ڈبل کرنے کی ہدایت

لاہور (اے این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آٹا کے نرخ میں کمی لانے کیلئے بہت بڑا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر آٹا اور گندم کی سپلائی ڈبل کردی جائے گی اور سپلائی ڈبل کرنے کے تین دن بعد مہنگا آٹا بیچنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں آٹا کی زیادہ سے زیادہ قیمت کا تعین کرنے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس میں آٹا کے نرخ میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا اور آٹا کے نرخ کنٹرول کرنے کا ٹاسک بھی دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مافیاز کو آٹا کے نرخ میں من مانی کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ عوام کو سستی گندم اور آٹا کی فراہمی کا عہد ہر صورت نبھائیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آٹا کے نرخ میں کمی لانے کیلئے بہت بڑا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر آٹا اور گندم کی سپلائی ڈبل کردی جائے گی اور سپلائی ڈبل کرنے کے تین دن بعد مہنگا آٹا بیچنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں آٹا کی زیادہ سے زیادہ قیمت کا تعین کرنے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس میں آٹا کے نرخ میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا اور آٹا کے نرخ کنٹرول کرنے کا ٹاسک بھی دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ

لاہور، پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ندیم افضل چن و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

رومانیہ سے گندم لیکر آنے والا بلک کیریئر جہاز پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوگیا

کراچی (اے این این) رومانیہ سے گندم لیکر آنے والا بلک کیریئر جہاز پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوگیا تاہم ملک بھر میں قیمتیں کم نہ ہو سکیں۔ رپورٹ کے مطابق کراچی پورٹ کے ساتھ ساتھ اب پورٹ قاسم پر بھی درآمدی گندم کے بحری جہازوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے، تاہم بھاری مقدار میں گندم کی درآمد کے باوجود ملک بھر میں آٹے اور گندم کی قیمتوں میں کمی نہ آسکی۔ رومانیہ سے درآمدی گندم لے کر آنے والا بلک کیریئر جہاز "ایم وی الیکس پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوگیا ہے۔ یہ جہاز پنجاب کے لیے 54 ہزار 983 ٹن گندم لے کر پہنچا، ٹریڈنگ

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

کراچی، گھر سے خاتون کی گلے میں پھندا لگی لاش برآمد

کراچی (اے این این) کراچی میں تین ہٹی بغدادی مسجد کے قریب گھر سے خاتون کی گلے میں پھندا لگی لاش ملی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق خاتون کی لاش قانونی کارروائی کے لیے سول اسپتال منتقل کردی گئی، خاتون کی شناخت 38 سالہ نائلہ زوجہ وحید کے نام سے کی گئی۔ جمشید کوارٹر پولیس کا کہنا تھا کہ واقعے سے متعلقہ کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ کراچی میں تین ہٹی بغدادی مسجد کے قریب گھر سے خاتون کی گلے میں پھندا لگی لاش ملی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق خاتون کی لاش قانونی کارروائی کے لیے سول اسپتال منتقل کردی گئی، خاتون کی شناخت 38 سالہ نائلہ زوجہ وحید کے نام سے کی گئی۔

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں جاری مالی سال کے دوران 3.54 ارب ڈالر کا اضافہ

اسلام آباد (یو این اے) ملک کے زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر میں جاری مالی سال کے آغاز سے لے کر اب تک 3.54 ارب ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کے اختتام پر ملک کے زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر کا حجم 23.23 ارب ڈالر تھا، جس میں سٹیٹ بینک کے پاس موجود ذخائر 18.37 ارب ڈالر جبکہ کمرشل بینکوں کے پاس موجود ذخائر 4.85 ارب ڈالر تھے۔ اعداد و شمار کے مطابق 13 نومبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے اختتام پر ملک کے زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر بڑھ کر 26.77 ارب ڈالر ہوگئے۔ اس دوران

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

نئے صوبوں کے قیام اور ریفرنڈم پر پارلیمنٹ میں کھل کر بحث ہونی چاہیے: ملک احمد

اسلام آباد (اے این این) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام اور ریفرنڈم کے معاملے پر پارلیمنٹ میں تمام سیاسی جماعتوں کو کھل کر بحث کرنی چاہیے، کیونکہ عوام کا ریاست سے رشتہ اسی وقت مضبوط ہوسکتا ہے جب انہیں وسائل کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جائے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ملک محمد احمد خان نے کہا کہ عوام کا ریاست سے رشتہ کمزور ہورہا ہے اور وسائل کی غیر مساوی تقسیم سے محرومی اور احساسِ تفاوت میں اضافہ ہوتا ہے، شہریوں کو ان کا جائز حصہ ملنا چاہیے، کیونکہ نئے صوبوں کا معاملہ محض انتظامی اخراجات کا نہیں بلکہ عوام کی ریاست میں شمولیت اور وسائل کی

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈیلٹا ایئر کے اہم کمپیوٹر سسٹم میں خرابی، امریکا میں سینکڑوں پروازیں متاثر

واشنگٹن (اے این این) امریکا کی ڈیلٹا ایئر لائنز کے اہم کمپیوٹر سسٹم میں خرابی کے باعث دنیا کے مصروف ترین ایئرپورٹ اٹلانٹا سمیت امریکا کے کئی دیگر ایئرپورٹس پر پروازیں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ اٹلانٹا میں سینکڑوں پروازیں متاثر ہوئیں اور اوسطاً تقریباً 57 منٹ کی تاخیر ہوئی۔ ایک دن میں ڈیلٹا ایئر لائنز کی 1200 سے زائد 50 فیصد پروازیں تاخیر کا شکار ہیں۔ ایوی ایشن ڈیٹا کے مطابق جہاز کے وزن اور اس کے توازن کا حساب لگانے والا خودکار سسٹم بند ہوجانے سے گڑبڑ جاری ہے۔ ابتدا میں ڈیلٹا کی درخواست پر اٹلانٹا کی پروازوں کیلئے "گراؤنڈ اسٹاپ" لگایا گیا، امریکا کے دیگر ایئرپورٹس پر بھی اثرات دیکھے گئے۔ اٹلانٹا میں سینکڑوں پروازیں متاثر ہوئیں اور اوسطاً تقریباً 57 منٹ کی تاخیر

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر تیزی

گزشتہ کاروباری ہفتے پاکستان اسٹاک ایکسچینج معمولی مندی کے ساتھ بند ہوئی تھی

کراچی (اے این این) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے پہلے روز سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوتا دکھائی دیا جہاں ابتدائی کاروباری سیشن میں بینچ مارک کے ایس ای 100 انڈیکس 920 پوائنٹس بڑھ گیا جبکہ آٹو موبائل، بینکنگ، فرٹیلائزر اور توانائی سمیت اہم شعبوں میں خریداری کا رجحان دیکھا گیا۔ گزشتہ کاروباری ہفتے پاکستان اسٹاک ایکسچینج معمولی مندی کے ساتھ بند ہوئی تھی جس کی بنیادی وجہ ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق مجوزہ ریفرنڈم کے معاملے پر سیاسی غیر یقینی صورت حال تھی۔ ملکی سیاسی صورت حال سے متعلق خدشات نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو متاثر کیا جس کے باعث بین الاقوامی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی اور پاکستان میں ایندھن کے اخراجات گھٹنے کے مثبت اثرات بھی مارکیٹ کو سہارا دینے میں ناکام رہے۔ پیر کے روز کاروبار کے آغاز پر مختلف اہم شعبوں میں خریداری کا رجحان غالب رہا جس کے نتیجے میں مارکیٹ میں مثبت سرگرمیاں دیکھنے میں آئیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے اعداد و شمار

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

مسقط: وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک عمان کے وزیر تجارت، انور بن ہلال بن حمود

امر بالمعروف و نہی عن المنکر ـــــ اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد عمر

سمندری تیل اور گیس کی تلاش کا آغاز

پاکستان اور ترکیہ نے سندھ اور مکران بیسنز میں تیل اور گیس کے ذخائر کی تلاش کے لئے مشترکہ سروے شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِس سلسلے میں ترکیہ کے جدید ترین سیسمک تحقیقی جہاز ''اورچ رئیس'' نے 18 نومبر 2026ء کو کراچی بندرگاہ پر لنگرانداز ہوکر اپنے تحقیقی مشن کا آغاز کیا۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی جانب سے جہاز کا پُرتپاک استقبال کیا گیا جبکہ حکام کے مطابق 27 کی چوتھی سہ ماہی تک پہلی ڈرلنگ سرگرمیاں شروع ہونے کی توقع ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ترک وزیرتوانائی اور اُن کے وفد کے اعزاز میں وزیراعظم ہاؤس میں دیے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے اِس منصوبے میں ترکیہ کی بھرپور معاونت کو سراہا اور جدید تحقیقی جہاز بھیجنے پر ترک صدر رجب طیب اردوان کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تاریخی تعلقات دیرینہ دوستی، باہمی اعتماد، اخوت اور مشترکہ مفادات پر استوار ہیں۔ پاکستان ترکیہ کی تکنیکی مہارت اور تجربے سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے کیونکہ سمندر میں موجود تیل اور گیس کے ذخائر کی کامیاب دریافت سے نہ صرف توانائی کی ضرورتیں پوری ہوں گی بلکہ معاشی ترقی کے نئے امکانات بھی پیدا ہوں گے۔ اُنہوں نے معدنیات اور قابلِ تجدید توانائی سمیت دیگر شعبوں میں بھی دوطرفہ تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اِس سے قبل وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ''اورچ رئیس'' کی آمد محض ایک تحقیقی سرگرمی نہیں بلکہ پاک-ترک معاہدوں کو عملی منصوبوں میں تبدیل کرنے کی اہم پیشرفت ہے۔ جہاز سے حاصل ہونے والا ڈیٹا سمندر کی تہہ کے نیچے موجود چٹانی ساختوں اور ممکنہ ذخائر کی واضح تصویر فراہم کرے گا جس کی بنیاد پر مستقبل کے ایکسپلوریشن پروگرام مرتب کیے جائیں گے۔ اُن کا کہنا تھا کہ سمندر کی تہہ میں چھپے خزانوں کی تلاش محض توقعات سے ممکن نہیں، اِس کے لئے سائنس، جدید ٹیکنالوجی، مسلسل سرمایہ کاری اور عزم درکار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت نے 18 سال کے طویل وقفے کے بعد سمندری بلاکس کی مسابقتی نیلامی کے ذریعے اِس شعبے کو دوبارہ فعال کیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ملکی توانائی کا تحفظ براہِ راست معاشی استحکام سے وابستہ ہے اور آبنائے ہ?رمز کے بحران سمیت عالمی سپلائی میں تعطل کے خدشات کے باوجود حکومتی اقدامات سے ملک میں ایندھن کی قلت پیدا نہیں ہونے دی گئی، اب مقامی وسائل پر انحصار بڑھانے اور سٹریٹیجک ذخائر مضبوط کرنے پر توجہ دی جارہی ہے۔ ترک وزیرتوانائی وقدرتی وسائل نے بھی جہاز کی آمد کو دونوں ممالک کے درمیان توانائی کے تعاون میں نئے دور کا آغاز قرار دیا۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان سمندری حدود میں تیل اور گیس کی مشترکہ تلاش محض ایک معاشی معاہدہ نہیں بلکہ دوطرفہ تزویراتی اشتراکِ عمل کا اہم سنگِ میل ہے۔ اِس سے دونوں ممالک کی توانائی کمپنیوں کے لئے تکنیکی مہارت کے تبادلے، سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبوں کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ یہ پیشرفت اِس لئے بھی اہم ہے کہ 2027 کے بعد پاکستان کی سمندری حدود میں تیل اور گیس کی تلاش کا عمل طویل تعطل کا شکار رہا ہے۔ پاکستان کا سمندری زون تقریباً تین لاکھ مربع کلومیٹر پر محیط ہے تاہم 1947ء میں آزادی کے بعد سے اب تک اِس وسیع علاقے میں محض 18 کے لگ بھگ کنویں کھودے جاسکے ہیں۔ اِس کے برعکس ملک کے زمینی علاقوں میں وقتاً فوقتاً تیل اور گیس کے ذخائر دریافت ہوتے رہے ہیں۔ رواں سال کے آغاز میں ٹنڈو الہ یار کے تین کنوؤں سے یومیہ 97 لاکھ مکعب فٹ جبکہ خیرپور میں یومیہ ایک کروڑ 28 لاکھ مکعب فٹ گیس کی دریافت کی اُمید پیدا ہوئی، اب توجہ سمندر کی اُن وسیع حدود پر مرکوز کی جارہی ہے جہاں قدرتی وسائل کی تلاش کے امکانات موجود ہیں۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے ترک وزیرتوانائی کی موجودگی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محتاط اندازوں کے مطابق پاکستان کے معدنی ذخائر کی مالیت آٹھ سے 10 کھرب ڈالر ہے۔ ماضی میں اِن وسائل کی تلاش اور اُنہیں معاشی ترقی کے لئے بروئے کار لانے پر مطلوبہ توجہ نہیں دی جاسکی، تاہم اب حکومت مقامی وسائل کی دریافت اور اُن سے استفادے کو معاشی بحالی کی حکمتِ عملی کا حصہ بنارہی ہے۔ عالمی حالات نے بھی توانائی کے تحفظ کی اہمیت مزید واضح کردی ہے۔ حالیہ ایام میں آبنائے ہ?رمز کے بحران نے ثابت کیا ہے کہ عالمی سپلائی چین میں معمولی تعطل بھی تیل اور گیس کی قیمتوں، پیداواری سرگرمیوں اور عام آدمی کی زندگی کو متاثر کرسکتا ہے۔ ایسے میں مقامی وسائل کی دریافت پاکستان کو عالمی توانائی بحرانوں کے اثرات سے محفوظ رکھنے اور درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔ ''اورچ رئیس'' جدید تحقیقی بحری جہاز ہے جو سمندر کی تہہ کے نیچے موجود چٹانی ساختوں کا سائنسی جائزہ لے کر اُن مقامات کی نشاندہی کرتا ہے جہاں تیل یا قدرتی گیس کے ذخائر موجود ہونے کا امکان ہو، اِس مقصد کے لئے ٹو ڈی اور تھری ڈی سیسمک سروے کیے جاتے ہیں، ٹو ڈی سروے زیرِزمین تہوں کی ابتدائی تصویر فراہم کرتا ہے جبکہ تھری ڈی سروے زیادہ تفصیلی اعداد وشمار کے ذریعے ممکنہ ذخائر کی ساخت اور محلِ وقوع سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ اِن نتائج کی روشنی میں ڈرلنگ کے مقامات کا تعین کیا جاتا ہے جس سے غیرضروری اخراجات اور ناکامی کے امکانات کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ پاکستان کے لئے اِس منصوبے کی اصل اہمیت یہی ہے کہ برسوں سے نظرانداز سمندری وسائل کی تلاش کا عمل جدید سائنسی بنیادوں پر دوبارہ شروع ہو رہا ہے۔ سروے کے نتائج اگر حوصلہ افزاء ثابت ہوتے ہیں اور بعدازاں ڈرلنگ کے ذریعے قابلِ استعمال تجارتی ذخائر کی تصدیق ہوجاتی ہے تو ملک کی توانائی ضروریات پوری کرنے، درآمدی ایندھن کے بھاری مالی بوجھ میں کمی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے علاوہ ملکی اور غیرملکی سرمایہ کاری بڑھانے کے امکانات روشن ہوں گے تاہم اِس منزل تک پہنچنے کے لئے مسلسل سرمایہ کاری، تکنیکی مہارت، شفاف منصوبہ بندی اور طویل المدتی حکمتِ عملی ناگزیر ہے۔ پاکستان اور ترکیہ کی یہ مشترکہ کاوش اگر مطلوبہ نتائج حاصل کرلیتی ہے تو نہ صرف دونوں ممالک کے اقتصادی تعاون کو نئی جہت ملے گی بلکہ پاکستان کی توانائی اور معاشی خودکفالت کی جانب تیز رفتار پیش رفت بھی ممکن ہوسکے گی۔

بلال صدیق کمیانہ، فیصل کامران نے لاہور پولیس کو کارکردگی کی نئی پہچان دیدی

یونس باٹھ

بڑے شہر صرف بلند عمارتوں اور ترقیاتی منصوبوں سے محفوظ نہیں بنتے، بلکہ ان کا اصل حسن شہریوں کا احساسِ تحفظ، قانون کی بالادستی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ریاست کی مضبوط گرفت ہوتی ہے۔ لاہور جیسے شہر میں پولیسنگ ایک بڑا چیلنج ہے، جہاں سیاسی، مذہبی، معاشی اور ثقافتی سرگرمیوں کے ساتھ امن وامان برقرار رکھنے کی بھاری ذمہ داری بھی پولیس پر عائد ہوتی ہے۔ ایسے میں بہتر نتائج دینے والی پولیس کمانڈ کی کارکردگی کا اعتراف ضروری ہے۔ لاہور پولیس کی موجودہ کمانڈ میں سی سی پی او ایڈیشنل آئی جی بلال صدیق کمیانہ اور ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی کارکردگی خصوصی طور پر قابلِ ذکر ہے۔ بلال صدیق کمیانہ کو لاہور میں دوبارہ ذمہ داریاں سنبھالے تقریباً تین سال دس ماہ ہوچکے ہیں۔ اس طویل عرصے میں حساس سکیورٹی معاملات، سیاسی اتار چڑھاؤ اور جرائم کے بدلتے چیلنجز کے باوجود انتظامی تسلسل برقرار رکھنا ان کی قیادت کی اہم خوبی ہے۔ ان کی کمانڈ کا نمایاں وصف مضبوط ٹیم کی تشکیل، میرٹ کی بالادستی اور افسران کی جواب دہی ہے۔ وہ پولیس کے انتظامی معاملات اور شہریوں کی شکایات کی خود نگرانی کرتے ہیں۔ ان کی کوشش ہے کہ عوامی مسائل نظرانداز نہ ہوں اور پولیس کے فیصلوں میں سفارش یا دباؤ کے بجائے میرٹ کو فوقیت حاصل ہو۔ اس ٹیم کے دوسرے اہم ستون ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران ہیں، جنہیں اپریل 2024ء میں لاہور آپریشنز ونگ کی ذمہ داریاں سونپی گئیں۔ یوں انہیں اس منصب پر تقریباً دوسال نوماہ ہوچکے ہیں۔ لاہور جیسے شہر کے آپریشنز ونگ کی کمانڈ ہر تھانے، ڈویژن اور فیلڈ افسر کی کارکردگی بہتر بنانے کا مسلسل امتحان ہے۔ فیصل کامران نے عوامی رابطے، پولیس رسپانس، تھانوں کی نگرانی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا ہے۔ ان کی کھلی کچہریاں عوامی مسائل کے حل کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ شہریوں کی شکایات براہِ راست سننا، مقدمات کے اندراج میں رکاوٹیں دور کرنا اور پولیس اہلکاروں کے خلاف شکایات پر کارروائی کرنا ان کی عوام دوست حکمت عملی کا حصہ ہے۔ ان کا عوام کے لیے دستیاب رہنا اور فوری دادرسی پر زور دینا پولیس اور شہریوں کے درمیان اعتماد کی فضا قائم کرنے میں اہم کردار ادا کررہا ہے۔ لاہور میں قبضہ گروپوں، منظم جرائم پیشہ نیٹ ورکس، بدمعاش عناصر اور نام نہاد ڈالہ کلچر کے خلاف قانون کی گرفت مضبوط کرنا موجودہ پولیس کمانڈ کی اہم ترجیحات میں شامل رہا ہے۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے گزشتہ روز ڈسٹرکٹ پولیس لائنز قلعہ گجرسنگھ میں لاہور پولیس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اس امر کو سراہا کہ لاہور میں کوئی نوگو ایریا، انڈر ورلڈ مافیا، گینگ، قبضہ گروپ یا بدمعاشوں کا وجود نہ ہونا انتہائی خوش آئند ہے۔ یہ اعتراف لاہور پولیس کی کارکردگی کے لیے ایک اہم سند ہے۔ اجلاس میں سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے بتایا کہ گزشتہ چار سال سے لاہور میں جرائم کا گراف مسلسل نیچے آرہا ہے۔ رواں سال رابری، کار چوری اور گاڑی چھیننے کی وارداتوں میں 68 فیصد جبکہ سنگین جرائم میں 46 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ منشیات کے خلاف کارروائیوں میں 831 کلوگرام آئس، 120 کلوگرام ہیروئن اور 2458 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ گزشتہ پانچ سال کے دس لاکھ سے زائد زیرالتوا چالان مکمل کرنے اور مقدمات یکسو کرنے کی پیش رفت بھی لاہور پولیس کی نمایاں کامیابیوں میں شامل ہے۔ یہ اعدادوشمار بہتر حکمت عملی، مسلسل نگرانی اور اجتماعی محنت کی عکاسی کرتے ہیں۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے بھی لاہور پولیس کی مجموعی کارکردگی اور ٹیم ورک کو سراہتے ہوئے ڈی آئی جیز سے لے کر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران تک پوری فورس کی محنت کا اعتراف کیا۔ انہوں نے ان کامیابیوں کو سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی قیادت اور تمام پولیس یونٹس کی مشترکہ کوششوں کا نتیجہ قرار دیا۔ یہ اعتراف اس حقیقت کو نمایاں کرتا ہے کہ مضبوط قیادت ہی ایک کامیاب ٹیم تشکیل دیتی ہے۔ اس کمانڈ کا تیسرا اہم نام ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا ہیں۔ جرائم کے خلاف کارروائی اسی وقت نتیجہ خیز بنتی ہے جب تفتیش میرٹ پر ہو، شواہد محفوظ کیے جائیں اور مقدمات قانونی تقاضوں کے مطابق عدالتوں تک پہنچیں۔ انویسٹی گیشن ونگ میں محکمانہ احتساب، تفتیشی فائلوں کی نگرانی اور شکایت کنندگان سے رابطے کے اقدامات بھی قابلِ ذکر ہیں۔ لاہور پولیس کی کامیابی میں سی سی ڈی، سپیشل برانچ، ایلیٹ پولیس، ٹریفک پولیس اور دیگر یونٹس کا کردار بھی اہم ہے۔ آئی جی پنجاب نے ان تمام یونٹس کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ٹیم ورک کو لاہور میں امن و امان کی بہتری کا بنیادی سبب قرار دیا۔ بلاشبہ پولیس کے سامنے تھانوں میں بہتر رویے، فوری اندراج مقدمات، شفاف تفتیش اور بلاامتیاز قانون کے نفاذ جیسے چیلنجز موجود ہیں۔ تاہم بلال صدیق کمیانہ کی قیادت، فیصل کامران کی متحرک آپریشنل نگرانی اور ذیشان رضا کی تفتیشی ذمہ داریوں نے لاہور پولیس کو ایک مضبوط مشترکہ سمت دی ہے۔ آخر میں بات صرف اعدادوشمار یا سرکاری اجلاسوں میں ہونے والی تعریف کی نہیں، بلکہ شہریوں کے اعتماد کی ہے۔ بلال صدیق کمیانہ اور فیصل کامران کے لیے اصل کامیابی یہی ہے کہ لاہور کا ہر شہری بلاخوف تھانے جائے، اس کی بات سنی جائے، بااثر اور کمزور کے لیے قانون یکساں ہو اور کسی بدمعاش یا قبضہ گروپ کو شہریوں کے سکون سے کھیلنے کی اجازت نہ ملے۔ لاہور پولیس نے کارکردگی کا جو معیار پیش کیا ہے، اسے برقرار رکھنا اور مزید بہتر بنانا ہی اس قیادت کا اصل امتحان ہے۔

پنجاب کی تقسیم اور بیوروکریسی کا امتحان

محسن گواریہ

پاکستان میں نئے صوبے بنانے کا معاملہ اب محض سیاسی بحث نہیں رہا، ریفرنڈم کے ذریعے عوامی رائے لینے کا مرحلہ اپنی جگہ اہمیت رکھتا ہے اور اس پر سیاسی جماعتوں، علاقائی نمائندوں اور مختلف حلقوں کی جانب سے لے دے بھی ہوتی رہے گی، لیکن اصل سوال اس سے کہیں زیادہ اہم اور پیچیدہ ہے، وہ یہ کہ اگر ریفرنڈم کے نتائج نئے صوبوں کے قیام کی راہ ہموار کردیتے ہیں تو ان صوبوں کا ابتدائی انتظام وانصرام کیسے چلایا جائے گا؟ نئی منتخب حکومتوں کے قیام تک نظام کس کے حوالے ہوگا اور اس عبوری دور میں ریاستی مشینری کو کس طرح متحرک رکھا جائے گا؟ اصولی طور پر نئے صوبوں کے قیام کی بنیاد انتظامی ضرورت قرار دی جارہی ہے، اس میں لسانی، نسلی یا علاقائی تعصّبات کو بنیاد بنانے کی حوصلہ شکنی کی گئی ہے، جو ایک مثبت سوچ ہے کیونکہ پاکستان جیسے ملک میں انتظامی سہولت، عوام تک حکومتی رسائی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو ہی نئے صوبوں کے قیام کا بنیادی مقصد ہونا چاہئے، تاہم انتظامی تقسیم کا فیصلہ جتنا بڑا ہے، اس پر عمل درآمد اس سے بھی زیادہ بڑے انتظامی ویژن، مہارت اور تیاری کا تقاضا کرتا ہے۔

یہ سمجھنا ضروری ہے کہ صوبہ صرف ایک وزیراعلیٰ، چند وزیروں، اسمبلی اور سیکرٹریٹ کا نام نہیں ہوتا، اس کے پیچھے ایک مکمل انتظامی، مالی، قانونی اور ادارہ جاتی ڈھانچہ موجود ہوتا ہے، پنجاب کو چار انتظامی حصوں میں تقسیم کرنے کا مطلب صرف نقشے پر چار لکیریں کھینچ دینا نہیں بلکہ ایک قائم شدہ صوبائی نظام کو چار نئے انتظامی یونٹوں میں منظم کرنا ہوگا، اس عمل میں معمولی سی بے احتیاطی بھی کئی برس تک حکومتی کارکردگی، عوامی سہولتوں اور مالیاتی نظم وضبط کو متاثر کرسکتی ہے، سب سے پہلے نئے صوبوں کی جغرافیائی اور انتخابی حد بندی کا مسئلہ سامنے آئے گا، کون سا ضلع کس صوبے میں شامل ہوگا، تحصیلوں اور حلقوں کی تقسیم کیسے ہوگی، قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی نشستوں کا تعین کس بنیاد پر کیا جائے گا اور الیکشن کمیشن نئے صوبوں میں انتخابی نظام کس طرح تشکیل دے گا؟ یہ تمام معاملات آئینی اور قانونی تقاضوں کے تحت طے کرنا ہوں گے۔

نئی صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات سے پہلے انتخابی حلقوں کی حد بندی، ووٹر لسٹوں کی درستی اور انتظامی یونٹوں کی تشکیل ایک بڑا مرحلہ ہوگا، اس کے بعد سب سے بڑا سوال سرکاری مشینری کی تقسیم کا ہے، پنجاب کا موجودہ انتظامی ڈھانچہ دہائیوں کی محنت اور تجربے کے بعد تشکیل پایا ہے، چیف سیکرٹری سے لے کر ایڈیشنل چیف سیکرٹری، سیکرٹریز، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلداروں اور پٹواریوں تک ایک مربوط نظام کام کررہا ہے، نئے صوبوں کے قیام کے بعد اس مشینری کو چار حصوں میں تقسیم کرنا ہوگا، سوال یہ ہے کہ کس افسر کو کہاں تعینات کیا جائے گا؟ کس صوبے میں کتنے افسر درکار ہوں گے؟ کس کے پاس فیلڈ کا تجربہ ہوگا اور کون سیکرٹریٹ کے معاملات سنبھالے گا؟ پولیس کا معاملہ بھی کم پیچیدہ نہیں، ایک طرف آئی جی پولیس اور ان کے ماتحت ایڈیشنل آئی جیز، ڈی آئی جیز، آر پی اوز، ڈی پی اوز اور دیگر افسر ہوں گے تو دوسری طرف ہزاروں پولیس اہلکاروں کی تقسیم بھی کرنا ہوگی، تھانوں، پولیس لائنز، ٹریننگ اداروں، تفتیشی شعبوں، سی ٹی ڈی اور دیگر خصوصی یونٹوں کی نئی تنظیم سازی درکار ہوگی، محض پولیس افسروں کی فہرستیں تقسیم کرنے سے امن و امان کا نظام قائم نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح صوبائی اور وفاقی سروسز کے افسروں کی تقسیم ایک اہم قانونی اور انتظامی مسئلہ ہوگا، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، پولیس سروس آف پاکستان اور صوبائی سروس کے افسروں کی نئی صوبائی حکومتوں میں تعیناتی، ان کی سنیارٹی، ترقیوں، سروس اسٹرکچر اور مستقبل کے کیریئر کے معاملات طے کرنا ہوں گے، کسی افسر کو اس کی مرضی کے خلاف کسی نئے صوبے میں بھیجنے یا کسی مخصوص صوبے میں افسروں کی تعداد زیادہ رکھنے کے فیصلے بھی پیچیدگیاں پیدا کرسکتے ہیں، اس لئے اس پورے عمل کے لئے واضح، شفاف اور قابل قبول پالیسی ناگزیر ہوگی۔

مالیاتی معاملات تو شاید اس تقسیم کا سب سے حساس پہلو ہوں گے، پنجاب کا سالانہ بجٹ، ترقیاتی فنڈز، جاری اخراجات، پنشن کی ذمہ داریاں، سرکاری قرضے، اثاثے اور واجبات کس تناسب سے تقسیم ہوں گے؟ ٹیکس وصولی اور صوبائی محصولات کا نظام کیسے قائم ہوگا؟ بورڈ آف ریونیو، ایکسائز، خزانہ اور دیگر محکموں کی تنظیم نو کس بنیاد پر ہوگی؟ نئے صوبوں کو ابتدائی برسوں میں اپنے اخراجات پورے کرنے کے لئے وفاق سے کتنی مالی معاونت درکار ہوگی؟ یہ ایسے سوالات ہیں جن کے جواب محض سیاسی فیصلوں سے نہیں بلکہ ٹھوس معاشی اور مالیاتی منصوبہ بندی سے مل سکتے ہیں، پنجاب کی تقسیم میں دریاؤں کے پانی کا معاملہ بھی غیرمعمولی اہمیت رکھتا ہے، نہری نظام، آبپاشی کے محکمے، ہیڈ ورکس، بیراج، پانی کی طلب و رسد، زرعی ضروریات اور پانی کی دستیابی کو کس بنیاد پر تقسیم کیا جائے گا؟ اگر نئے صوبوں کے درمیان پانی کی تقسیم پر اتفاق نہ ہوسکا تو یہ معاملہ مستقبل میں ایک نئے انتظامی اور سیاسی تنازعے کی شکل اختیار کرسکتا ہے، اسی طرح سرکاری زمینوں، عمارتوں، ہسپتالوں، تعلیمی اداروں، یونیورسٹیوں اور دیگر ریاستی اثاثوں کی ملکیت اور انتظام بھی طے کرنا ہوگا۔

یہاں ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے کہ پنجاب کو چار صوبوں میں تقسیم کرنے کا انتظامی تجربہ کون کرے گا؟ عملی طور پر اس کا سب سے بڑا بوجھ بیوروکریسی کے کندھوں پر ہوگا، سیاسی قیادت صوبوں کے قیام کا فیصلہ کرسکتی ہے، اسمبلیاں قانون سازی کرسکتی ہیں اور وفاقی حکومت آئینی مراحل مکمل کرسکتی ہے لیکن نئے صوبوں کو عملاً چلانے، ادارے قائم کرنے، محکموں کو فعال بنانے، مالیاتی نظام مرتب کرنے اور روزمرہ حکومتی امور کو رواں رکھنے کی ذمہ داری انتظامی مشینری ہی نے ادا کرنی ہے، یہاں پنجاب کے موجودہ چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹریز، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، سیکرٹریز اور مختلف محکموں کے سربراہوں کا تجربہ انتہائی اہم ہوجائے گا، انہیں صرف موجودہ نظام چلانے کے بجائے چار نئے صوبائی انتظامی ڈھانچوں کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، اس کے لئے ایک اعلیٰ سطحی ٹاسک فورس یا کمیشن قائم کیا جاسکتا ہے جس میں وفاقی حکومت، پنجاب حکومت، الیکشن کمیشن، مالیاتی ماہرین اور تجربہ کار انتظامی افسروں کو شامل کیا جائے، یہ کمیشن پہلے سے ایک جامع روڈ میپ تیار کرے، محکموں کی تعداد، عملے کی ضرورت، اخراجات، اثاثوں اور ذمہ داریوں کا تخمینہ لگائے اور ہر صوبے کے لئے ابتدائی انتظامی خاکہ مرتب کرے، یہ وفاق سے کتنی مالی معاونت درکار ہوگی؟ یہ کام محض فائلوں پر نہیں ہونا چاہئے، ہر مجوزہ صوبے کے لئے الگ الگ انتظامی سروے ضروری ہوگا، آبادی، رقبے، وسائل، زرعی پیداوار، صنعت، شہری آبادی، تعلیمی ضروریات اور صحت کی سہولتوں کو سامنے رکھ کر یہ فیصلہ کیا جائے کہ کس صوبے کو کن محکموں، کتنے افسروں اور کس نوعیت کے اداروں کی ضرورت ہوگی، چاروں صوبوں کو ایک ہی انتظامی فارمولے میں باندھنا بھی دانش مندی نہیں ہوگی، کیونکہ ہر خطے کی ضروریات اور معاشی استعداد مختلف ہوسکتی ہے، ایک اور اہم معاملہ نئے صوبوں کے دارالحکومتوں اور سیکرٹریٹ کے قیام کا ہوگا، نئے دارالحکومت کے لئے عمارتیں، سرکاری رہائش گاہیں، دفاتر، اسمبلی ہال، وزرا اور افسروں کے لئے بنیادی سہولتیں، سرکاری گاڑیاں اور دیگر وسائل درکار ہوں گے۔ (اس حوالے سے کچھ معلومات، عبوری دور کون چلائے گا اور تجزیہ اگلے کالم میں)

خدمات کے ایک طویل عہد کا اختتام

تحریر:۔ عنایت الرحمان. سبی

کسی دوسرے منصب یا محکمے کی طرف روانہ ہوجاتے ہیں، لیکن بعض شخصیات اپنے قیام کے دوران ایسے نقوش چھوڑ جاتی ہیں جنہیں مدتوں یاد رکھا جاتا ہے۔ کچھ افسران اپنی کارکردگی سے پہچانے جاتے ہیں، کچھ اپنے انتظامی فیصلوں سے اور بعض اپنی ایسی روایات سے جن کا تذکرہ ان کے تبادلے کے بعد بھی محکمے میں جاری رہتا ہے۔ سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان کا محکمہ اطلاعات میں طویل قیام بھی یقیناً مختلف حوالوں سے یاد رکھا جائے گا۔

محکمہ تعلقاتِ عامہ بلوچستان کی جانب سے ان کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب میں ایک خوشگوار اور دوستانہ ماحول دیکھنے میں آیا۔ ڈائریکٹر جنرل تعلقاتِ عامہ عسکر خان، ڈائریکٹر تعلقاتِ عامہ سعید احمد شاہوانی اور محکمہ کے دیگر افسران و ملازمین نے شرکت کی۔ تقریب میں محکمہ کی کارکردگی، باہمی تعاون، انتظامی امور اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ روایتی طور پر ایک دوسرے کی خدمات کو سراہا گیا، نیک خواہشات کا اظہار ہوا اور یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئی۔ یوں ایک سرکاری عہدے دار کی رخصتی کو خوشگوار یادوں کے ساتھ رخصت کرنے کی ایک اور روایت پوری ہوئی۔

سیکرٹری صاحب کے دور میں محکمہ اطلاعات کے لیے ایک مستقل عمارت کا حصول یقیناً ایک اہم پیش رفت تھی۔ یہ کوئی معمولی معاملہ نہیں تھا، کیونکہ ایک عرصے سے محکمہ اپنے لیے مناسب دفتری جگہ کی تلاش اور انتظامی مشکلات سے دوچار تھا۔ ان کی کوششوں سے اس مسئلے کا حل نکلا اور محکمہ کو مستقل عمارت میسر آئی۔ بلاشبہ کسی بھی ادارے کی ترقی کے لیے اپنی عمارت کا ہونا بنیادی ضرورت ہے، اور اس حوالے سے ان کا نام محکمہ کی تاریخ میں درج رہے گا۔ اسی طرح ملازمین کے مسائل کے حل، ترقیاتی معاملات اور پروموشن کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے میں بھی ان کا کردار قابلِ ذکر رہا۔ محکمہ کے ملازمین کے لیے یہ ایک خوش آئند تجربہ تھا کہ ان کے سروس معاملات پر توجہ دی گئی اور ترقی کے منتظر کیسز کو آگے بڑھایا گیا۔ سرکاری ملازمین کے لیے اپنے جائز حقوق کا حصول ہمیشہ ایک اہم مسئلہ رہا ہے، اس لیے ایسے اقدامات کو یقیناً قدر کی نگاہ سے دیکھا جانا چاہیے۔ محکمہ میں الیکٹرانک میڈیا سیل اور سوشل میڈیا سیل کے قیام اور انہیں فعال بنانے میں بھی سیکرٹری اطلاعات نے بھرپور کردار ادا کیا۔ موجودہ دور میں جب اطلاعات کی ترسیل کے ذرائع تیزی سے تبدیل ہورہے ہیں، ان شعبوں کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ سرکاری مؤقف کی بروقت تشہیر، خبروں کی ترسیل اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر محکمہ کی موجودگی کو مؤثر بنانے کے لیے یہ اقدامات اہمیت کے حامل تھے۔ امید ہے کہ یہ سیلز آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ کام کرتے رہیں گے اور ادارہ جاتی ترقی کے اس سفر کو آگے بڑھائیں گے۔ ان کے دور کی ایک نمایاں خصوصیت محکمہ تعلقاتِ عامہ اور سیکرٹری آفس کے درمیان ہونے والی خط و کتابت پر بروقت کارروائی بھی رہی۔ سرکاری امور میں فائلوں کی نقل و حرکت، مراسلت اور دفتری کارروائی کی بروقت تکمیل کسی بھی ادارے کی کارکردگی کا اہم پیمانہ ہوتی ہے۔ ان کے دور میں اس معاملے پر خصوصی توجہ دی گئی، جس سے دفتری امور کی انجام دہی میں سہولت پیدا ہوئی۔ یوں محکمہ نے یہ بھی سیکھا کہ سرکاری محکموں میں افسران آتے ہیں، اپنی مدتِ تعیناتی مکمل کرتے ہیں اور پھر سرکاری خط و کتابت اگر بروقت نمٹائی جائے تو بہت سے معاملات غیرضروری طوالت اختیار کرنے سے بچ سکتے ہیں۔ ان کے انتظامی دور کا ایک اور قابلِ ذکر پہلو میرٹ پر فیصلے اور سفارش و بیرونی مداخلت کی حوصلہ شکنی رہا۔ ماضی میں بعض اوقات ایک فون کال کو بھی انتظامی فیصلوں پر اثرانداز ہونے کے لیے کافی سمجھا جاتا تھا اور افسران کے تبادلوں جیسے معاملات بھی غیرمعمولی تیزی سے طے پاجاتے تھے۔ تاہم ان کے دور میں اس روایت کی حوصلہ شکنی کی گئی اور محکمہ کے معاملات کو ادارہ جاتی اصولوں کے مطابق چلانے پر زور دیا گیا۔ یہ یقیناً ایک ایسی روایت ہے جسے برقرار رکھنا کسی بھی آنے والے انتظامی سربراہ کے لیے ایک اہم ذمہ داری ہوگی، کیونکہ ادارے شخصیات سے نہیں بلکہ اصولوں اور مستقل مزاجی سے مضبوط ہوتے ہیں۔ محکمہ اطلاعات کے حق میں اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں مؤقف پیش کرنا اور اس کی کارکردگی کا دفاع کرنا بھی ان کے دور کی خصوصیات میں شامل رہا۔ مختلف فورمز پر محکمہ کے مسائل، ضروریات اور کارکردگی کو اجاگر کرنا ایک انتظامی سربراہ کی ذمہ داری ہوتی ہے، تاہم ہر افسر اس ذمہ داری کو ایک ہی انداز میں ادا نہیں کرتا۔ عمران خان صاحب نے اس حوالے سے محکمہ کے مؤقف کو بھرپور انداز میں پیش کیا اور محکمہ کے لیے نئے منصوبوں کی منظوری کے سلسلے میں کوششیں کیں، جبکہ متعدد دیگر منصوبوں کے لیے سفارشات بھی پیش کیں۔

ان تمام اقدامات کے باوجود کسی بھی سرکاری محکمے کی اصل کامیابی محض چند انتظامی فیصلوں، عمارتوں، سیلز کے قیام یا فائلوں کی بروقت نقل وحرکت میں نہیں ہوتی، بلکہ اس کا اصل امتحان ادارے میں ایک ایسی مثبت روایت قائم کرنا ہے جو افسر کے تبادلے کے بعد بھی برقرار رہے۔ یہی وہ مرحلہ ہے جہاں شخصیات کی کارکردگی ادارہ جاتی ورثے میں تبدیل ہوتی ہے۔ اس لیے عمران خان صاحب کے بعد آنے والی قیادت کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ ان تمام اقدامات کو نہ صرف برقرار رکھے بلکہ انہیں مزید بہتر اور مؤثر بنائے۔ سرکاری تقریبات میں عموماً رخصت ہونے والے افسر کے لیے تعریفی کلمات کہے جاتے ہیں، خدمات کو سراہا جاتا ہے اور مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا جاتا ہے۔ یہ ایک خوبصورت روایت ہے، جسے جاری رہنا چاہیے۔ البتہ کسی بھی افسر کے دور کا حقیقی جائزہ ان تقریبات سے آگے بڑھ کر ان فیصلوں، رویوں اور انتظامی روایات میں ملتا ہے جو اس کے جانے کے بعد بھی ادارے کے اندر زندہ رہتی ہیں۔ سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے محکمہ میں ایک طویل عرصہ گزارا، متعدد انتظامی اقدامات کیے، ملازمین کے مسائل پر توجہ دی، محکمہ کے لیے عمارت اور نئے منصوبوں کی کوششیں کیں اور جدید ابلاغی تقاضوں کے مطابق نئے شعبوں ک

صحافت کا گلا گھوٹا گیا تو عوام کی آواز کون بنے گا، مرک اچکزئی

ٹی وی چینلز کے مالکان بلوچستان سے کاروبار اور آمدنی حاصل کریں، لیکن یہاں کام کرنے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کا معاشی قتل نہ کریں

صحافیوں کو ان کے حقوق اور واجبات کی ادائیگی یقینی بنائی جائے بلوچستان کے صحافیوں کے معاشی قتل کو برداشت نہیں کریں گے، پارلیمانی لیڈر اے این پی

کوئٹہ (اے این این) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حقوق اور ساحل و وسائل کی بات کرنے پر ہماری آواز دبانے کی کوشش کی جاتی ہے، بلوچستان اسمبلی میں عوامی مسائل اور حقوق کے حوالے سے متعدد قراردادیں پیش کیں، مگر افسوس کہ ہمارے ملک میں قراردادوں کو بھی اہمیت نہیں دی جاتی۔ بلوچستان کے عوام کی آواز کو وفاق تک پہنچانے کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں صحافیوں کے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ریاست کا چوتھا ستون ہے، مگر افسوس کہ بلوچستان واحد صوبہ ہے جہاں صحافت کو بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ صحافیوں نے نامساعد حالات میں اپنی زندگیوں کو خطرے میں ڈال کر پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کی ہیں، اگر صحافت کا گلا گھونٹ دیا گیا تو عوام کی آواز حکام تک کون پہنچائے گا؟ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ ٹی وی چینلز کے مالکان بلوچستان سے کاروبار اور آمدنی حاصل کریں، لیکن یہاں کام کرنے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کا معاشی قتل نہ کریں۔ صحافیوں کو ان کے حقوق اور واجبات کی ادائیگی یقینی بنائی جائے تاکہ وہ باعزت طریقے سے اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحل و وسائل اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے پر ہمیں اکثر نظر انداز کیا جاتا ہے، تاہم عوام کے حقوق کی آواز دبنے نہیں دیں گے۔ انہوں نے دھرنے میں شریک صحافیوں کو یقین دہانی کرائی کہ وہ اس مسئلے کو پارلیمنٹ میں بھی اٹھائیں گے اور صحافیوں کی آواز وفاقی حکومت اور متعلقہ حکام تک پہنچائیں گے۔

ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل میں گردوں کے مریضوں کے لیے ڈائیلاسز کی سہولت تسلسل کے ساتھ جاری

مقامی سطح پر علاج کی فراہمی سے مریضوں کو کراچی جانے کی مشکلات سے نجات مل گئی، عوامی حلقوں کا اظہار تشکر

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ ڈویژن کے ہیڈکوارٹر اوتھل میں واقع ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال میں گردوں کے مریضوں کے لیے ڈائیلاسز کی سہولت تسلسل کے ساتھ فراہم کی جارہی ہے۔ ڈائیلاسز سینٹر کے قیام اور افتتاح کے بعد اب تک تقریباً 6 مریض اس سہولت سے مستفید ہو چکے ہیں، جبکہ مزید مریض بھی علاج کے لیے رابطے میں ہیں۔ اس حوالے سے ڈائیلاسز ٹیکنیشن زیبا جمیل نے بتایا کہ گردوں کے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے اور مریضوں کی ضرورت کے مطابق خدمات کا سلسلہ جاری ہے۔ ایک مریض کے ڈائیلاسز کے عمل میں تقریباً چار گھنٹے لگتے ہیں، تاہم مریضوں کی سہولت اور وقت کی پابندی کو مدنظر رکھتے ہوئے بھرپور کوشش کی جاتی ہے کہ انہیں بروقت طبی سہولت فراہم کی جائے۔ بعض اوقات مریضوں کی دیکھ بھال اور ڈائیلاسز کا عمل شام سے رات تک جاری رہتا ہے، لیکن مریضوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیتا ہے۔ زیبا جمیل کا کہنا تھا کہ لسبیلہ کے عوام، بالخصوص گردوں کے مرض میں مبتلا مریضوں کے لیے اپنے ہی ضلع میں ڈائیلاسز کی سہولت کا آغاز ایک خوش آئند اور اہم پیش رفت ہے۔ اس سے قبل مریضوں کو ڈائیلاسز کے لیے کراچی اور دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا تھا، جس کے باعث انہیں سفری مشکلات، وقت کے ضیاع اور مالی اخراجات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، تاہم اب اپنے ضلع میں ہی علاج کی سہولت میسر آنے سے مریضوں اور ان کے لواحقین نے سکھ کا سانس لیا ہے۔ مقامی عوامی حلقوں نے ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل میں ڈائیلاسز کی سہولت فراہم کرنے پر محکمہ صحت بلوچستان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

اوستہ محمد میں سرکاری اسکول کے کلسٹر بجٹ کا معائنہ، فنڈز کے شفاف اور بامقصد استعمال کی ہدایت

تعلیمی اداروں کے فنڈز میں غفلت اور مالی بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول رستم خان جمالی کلسٹر بجٹ کا تفصیلی معائنہ کیا، اس موقع پر انہوں نے کلسٹر بجٹ کے تحت فراہم کردہ فنڈز، ان کے استعمال، اخراجات کے ریکارڈ اور ترقیاتی و تعلیمی ضروریات کے لیے مختص بجٹ کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام سے بجٹ کے استعمال اور مالی معاملات کے حوالے سے تفصیلات طلب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ سرکاری فنڈز کو مقررہ قواعد و ضوابط اور شفاف مالیاتی نظام کے تحت خرچ کیا جائے اور کلسٹر بجٹ کے ہر ایک روپے کا درست اور بامقصد استعمال یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی اداروں کو فراہم کیے جانے والے فنڈز کا بنیادی مقصد اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، تعلیمی ماحول کی بہتری، طلباء کو بہتر تدریسی سہولیات کی فراہمی اور اداروں کے انتظامی امور کو مؤثر بنانا ہے، لہٰذا اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت، لاپرواہی یا مالی بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ بجٹ کے تمام اخراجات کا مکمل ریکارڈ، بلز اور ضروری دستاویزات مرتب رکھے جائیں تاکہ مالی معاملات میں شفافیت اور جوابدہی کا نظام برقرار رہے۔

ایران جنگ، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کا رجحان برقرار

نیویارک (اے این این) امریکا اور ایران کشیدگی میں کمی کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کا رجحان دیکھا جارہا ہے۔ اماراتی مربن خام تیل 90 ڈالرز فی بیرل میں فروخت ہو رہا ہے۔ برینٹ خام تیل کی قیمت 92 ڈالرز اور امریکی ڈبلیو ٹی آئی 83 ڈالرز فی بیرل ریکارڈ کی گئی ہے۔ امریکا اور ایران کشیدگی میں کمی کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کا رجحان دیکھا جارہا ہے۔ اماراتی مربن خام تیل 90 ڈالرز فی بیرل میں فروخت ہورہا ہے۔ برینٹ خام تیل کی قیمت 92 ڈالرز اور امریکی ڈبلیو ٹی آئی 83 ڈالرز فی بیرل ریکارڈ کی گئی ہے۔ امریکا اور ایران کشیدگی میں کمی کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کا رجحان دیکھا جارہا ہے۔ اماراتی مربن

نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

کوئٹہ (اے این این) صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔ اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 26 نومبر 2026 (بروز جمعرات) بوقت صبح گیارہ تا ایک بجے سہ پہر کو نیب (بلوچستان) کے دفتر واقع شاہراہ گلستان روڈ کوئٹہ کینٹ میں کیا جائے گا۔ درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ 1۔ نام بمعہ ولدیت 2۔ کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔ مکمل پتہ/ ایڈریس 4۔ نشان انگوٹھا/ دستخط

سوڈان: شہری علاقوں پر ڈرون حملے میں 3 افراد ہلاک، 10 زخمی

خرطوم (اے این این) سوڈان کی ریاست خرطوم کے علاقے کرارای میں شہری مقامات کو نشانہ بنانے والے ڈرون حملے میں تین شہری ہلاک اور پانچ بچوں سمیت 10 دیگر زخمی ہو گئے۔ خرطوم کے میڈیا آفس کے مطابق خرطوم کے گورنر احمد عثمان حمزہ نے الناہ ہسپتال میں زخمیوں کی عیادت کی، ان کے ہمراہ وزارت صحت کے ڈائریکٹر جنرل محمود البدری اور ہسپتال کے ڈائریکٹر جمال الطیب بھی تھے۔ زندہ بچ جانے والوں نے حکام کو بتایا کہ دھماکے سے ایک کمرے کی چھت گر گئی اور دیواروں کو نقصان پہنچا، پولیس نے ملبے کے نیچے سے ہلاک ہونے والوں کی لاشیں نکال کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ گورنر نے شہریوں کو ان کے گھروں میں نشانہ بنانے کی مذمت

کشیدگی بڑھانے کے بیانات متحدہ کے علاوہ دیگر جماعتوں سے آرہے ہیں، فاروق ستار

کراچی (اے این این) متحدہ قومی موومنٹ کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ کشیدگی بڑھانے کے بیانات متحدہ کے علاوہ دیگر جماعتوں سے آرہے ہیں۔ سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی کے دفتر میں نثار کھوڑو کی زیر قیادت پیپلز پارٹی کے وفد سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فاروق ستار نے کہا کہ سندھ میں چھ انتظامی یونٹ بنانے کی گنجائش موجود ہے۔ انھوں نے کہا کہ 18 سال سے پیپلز پارٹی صوبے کا انتظام نہیں چلا پا رہی، اجارہ داری کرنے والے چار صوبوں کو ختم ہونا چاہیے، وزیر اعظم صوبے اور انتظامی یونٹ سے متعلق آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ فاروق ستار نے کہا کہ آل پارٹیز کانفرنس میں سیکیورٹی اداروں کو بھی بلایا جائے، صوبوں کے لفظ سے مسئلہ ہو رہا ہے تو اسے انتظامی یونٹ سمجھ لیں۔ انھوں نے کہا کہ آج

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس منگل آٹھ دسمبر تک ملتوی کر دیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پینل آف چیئرمین ڈاکٹر اشوک کمار کی صدارت میں مقررہ وقت سے نصف گھنٹہ تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد چیئرمین نے ایوان کا اجلاس منگل آٹھ دسمبر دو ہزار چھبیس سہ پہر تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کر دیا۔

پاکستان کا مزید 8 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ، تیسرا عالمی ٹینڈر جاری

ٹینڈر کے تحت بھارت، اسرائیل اور دیگر ممنوعہ ممالک سے گندم درآمد کرنے پر پابندی ہوگی جنگ زدہ علاقوں سے گندم فراہم کرنے والی کمپنیوں کو متبادل ممالک سے سپلائی کی پیشکش بھی دینا ہوگی

گندم کی درآمد کے خواہشمند سپلائرز کے لیے کم از کم 5 سال کا برآمدی تجربہ اور گزشتہ پانچ سال کے دوران کم از کم 50 ہزار ٹن گندم برآمد کرنے کی شرط عائد کی گئی ہے

اسلام آباد (اے این این) وفاقی حکومت نے ملک کی ضروریات پوری کرنے کے لیے 8 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے تیسرا بین الاقوامی ٹینڈر جاری کر دیا، جس کے تحت عالمی سپلائرز سے بولیاں طلب کر لی گئی ہیں۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کی جانب سے جاری ٹینڈر دستاویزات کے مطابق گندم درآمد کے لیے بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 نومبر مقرر کی گئی ہے، جبکہ اسی روز دوپہر ڈھائی بجے تکنیکی بولیاں کھولی جائیں گی۔ عالمی سپلائرز کے لیے کم از کم 50 ہزار میٹرک ٹن گندم کی بولی دینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ٹینڈر کے تحت بھارت، اسرائیل اور دیگر ممنوعہ ممالک سے گندم درآمد کرنے پر پابندی ہوگی۔ جنگ زدہ علاقوں سے گندم فراہم

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، قائم مقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے یوعیسیف کے نمائندے ضیاء الرحمان سالانی اور عمر درانی ملاقات کر رہے ہیں



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی سخت انکاری بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے حوالے سے ایکسٹینڈڈ کمپین کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اوستہ محمد، امتحانات میں میرٹ اور نظم وضبط پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، غیر متعلقہ افراد کا داخلہ ممنوع قرار

مڈل کے سالانہ امتحانات کی نگرانی، نقل کی روک تھام اور شفاف امتحانی عمل یقینی بنانے کی ہدایت

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کے خصوصی احکامات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مڈل کے سالانہ امتحانات کے سلسلے میں جاری پیپرز کا تفصیلی جائزہ لیا اور امتحانی عمل کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے امتحانی ہالز میں طلباء کو فراہم کی جانے والی سہولیات، امتحانی انتظامات، عملے کی حاضری اور پیپرز کے شفاف و منظم انعقاد کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ امتحانات کے دوران نظم وضبط اور میرٹ کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے امتحانی عمل میں کسی بھی قسم کی نقل، ناجائز ذرائع کے استعمال، بدعنوانی اور غیر ضروری مداخلت کی روک تھام کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ طلباء کی تعلیمی قابلیت اور محنت کو جانچنے کے لیے امتحانات کا شفاف انعقاد انتہائی ضروری ہے، اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے امتحانی عملے کو ہدایت کی کہ امتحانی مراکز میں غیر متعلقہ افراد کے داخلے پر پابندی عائد کی

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

قلعہ عبداللہ/ اپریشن اور امن وامان کے حوالے سے اہم اجلاس کا انعقاد

قلعہ عبداللہ (اے این این) قلعہ عبداللہ میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے ڈی آئی جی ژوب ریجن سہیل خالد کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا، جس میں جرائم پیشہ عناصر اور منشیات کے خلاف بڑا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر آفس قلعہ عبداللہ میں ہونے والے اجلاس میں ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی، ڈی پی او خلیل احمد بگٹی، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور سیکیورٹی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آئی جی سہیل خالد نے دوٹوک

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

چیف آف دی ایئر اسٹاف انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ کل سے شروع ہوگی

24 سے 28 نومبر تک مصحف اسکواش کمپلیکس اسلام آباد میں مقابلے ہوں گے، 8 ممالک کے 24 کھلاڑی حصہ لیں گے

اسلام آباد (اطلاع عام رپورٹ) چیف آف دی ایئر اسٹاف انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ 2026، 24 سے 28 نومبر 2026 تک مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں منعقد ہوگی۔ چیمپئن شپ میں آٹھ ممالک کے 24 کھلاڑی حصہ لیں گے، جن میں پاکستان کے 8 کھلاڑی جبکہ مصر، ملائیشیا، فرانس، سوئٹزرلینڈ، کینیڈا، بیلجیئم اور ہانگ کانگ، چین سے تعلق رکھنے والے 16 بین الاقوامی کھلاڑی شامل ہوں گے۔ بین الاقوامی کھلاڑیوں کی شرکت سے ایونٹ میں مسابقت کی فضا مزید گہری ہونے کی توقع ہے۔ پاک فضائیہ نے ملک میں اسکواش کے فروغ کے لیے طویل عرصے سے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ اس ضمن میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، کھلاڑیوں کی تربیت اور عالمی اسکواش سرکٹ میں پاکستان کی موجودگی کو مستحکم بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کیے گئے ہیں۔ حال ہی میں مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں کامیابی سے منعقد ہونے والی 23 ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 میں پاکستان نے مردوں کا

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

عوام کی زندگیوں کو تباہ و برباد کرنے میں حکومت نے کوئی کسر نہیں چھوڑی، مولانا واسع

قومی سوالات اور آئینی مطالبات کا جواب طاقت سے دینا جمہوری طرزِ عمل سے فرار ہے، صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام

حکومت آئینی ذمہ داریاں پوری کرنے کے بجائے نمائش پر اربوں روپے خرچ کر رہی ہے، تحفظ دینی مدارس کانفرنس سے خطاب

کنگری (ضلع موسیٰ خیل) (یو این اے) تحفظ دینی مدارس کانفرنس سے جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ، حافظ محمد یوسف، مولانا کمال الدین، مولانا غلام سرور موسیٰ خیل، میر یونس عزیز زہری، اصغر خان ترین اور دیگر رہنماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے قومی سوالات اور آئینی و جمہوری مطالبات کا جواب طاقت، دھونس اور شرانگیزی سے دینا دراصل مکالمے اور جمہوری طرز عمل سے فرار ہے۔ آئین کی بالادستی، دینی مدارس کا تحفظ اور بلوچستان کے قومی وسائل و معدنیات پر عوام کے جائز حقوق کا احترام ناگزیر ہے۔ بلوچستان کی حقیقی ترقی و خوشحالی کا راستہ یہاں کے عوام کو اعتماد میں لینے، وسائل کی منصفانہ تقسیم، آئین و قانون کی حکمرانی اور دینی و قومی شناخت کے تحفظ سے ہو کر گزرتا ہے؛ طاقت کے بجائے دلیل، تصادم کے بجائے مکالمہ اور محرومی کے بجائے عوامی حقوق

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

گوادر کے دور دراز علاقوں میں مفت ڈیٹرنی موبائل کیمپ، سینکڑوں مویشیوں کی ویکسینیشن اور علاج

مالدار طبقے کو دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے موبائل ویٹرنری کیمپوں کا سلسلہ جاری رہے گا، محکمہ لائیو اسٹاک

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر گوادر ڈاکٹر صابر علی کی نگرانی میں امور حیوانات گوادر کے ٹیم نے ڈاکٹر برکت سربراہی میں گوادر کے علاقے تلافی اور گردونواح میں مفت ویٹرنری موبائل کیمپ کا انعقاد کیا، جہاں سینکڑوں مویشیوں کا طبی معائنہ، علاج اور وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے حفاظتی ویکسینیشن کی گئی۔ اس موقع پر مالداروں میں مفت ادویات تقسیم کرنے کے ساتھ جانوروں کی بہتر نگہداشت اور بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی گئی ان کا کہنا تھا کہ اس کا مقصد دور دراز علاقوں کے مالداروں کو ان کی دہلیز پر مفت طبی سہولیات فراہم کرنا، مویشیوں کی صحت کا تحفظ اور مالدار طبقے کے معاشی وسائل کو مستحکم بنانا ہے اور دیہی علاقوں میں مال مویشیوں کی صحت اور مالداروں کی سہولت کے لیے موبائل ویٹرنری کیمپوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ آگاہی بھی فراہم کی گئی ان کا کہنا تھا کہ اس اقدام کا مقصد دور دراز علاقوں کے مالداروں کو ان کی دہلیز پر مفت طبی سہولیات فراہم کرنا، مویشیوں کی صحت کا تحفظ اور

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)

بیوی اور دو کمسن بچوں کو فائرنگ کرکے قتل کرنے والا ملزم ڈیرہ مراد جمالی سے گرفتار کرلیا گیا

صوبائی حکومت کے نوٹس پر بھاگ پولیس اور سی آئی اے نصیرآباد کی مشترکہ کارروائی، ایس ایس پی کچھی کا نقد انعام کا اعلان

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) صوبائی حکومت بلوچستان کے نوٹس پر ڈی ایس پی ڈی پی او بھاگ کی سی آئی اے نصیرآباد کے ہمراہ اہم مشترکہ کامیاب کارروائی، بیوی اور دو کمسن بچوں (بیٹا اور بیٹی) کو فائرنگ کرکے قتل کرنے والا ملزم ڈیرہ مراد جمالی سے گرفتار پولیس کے مطابق ایس ڈی پی او بھاگ طالب حسین لاشاری کی نگرانی میں انچارج سی آئی اے نصیرآباد سب انسپکٹر بہادر علی ڈومکی نے ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر بھاگ ریاض احمد ڈومکی اور دیگر پولیس ملازمان کے ہمراہ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے سفاکانہ قتل کی واردات میں ملوث ملزم شبیر احمد لاشاری کو ڈیرہ مراد جمالی سے گرفتار کرلیا۔ واضح رہے کہ چند روز قبل ملزم نے اپنی بیوی اور دو کمسن بچوں (بیٹا اور بیٹی) کو فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا، جس کا مقدمہ نمبر 47/2026 بجرم 302، 109، 34 ت پ پولیس تھانہ حاجی شہر میں درج کیا گیا تھا۔ مذکورہ افسوسناک واقعے کا صوبائی حکومت بلوچستان نے بھی نوٹس لیا تھا۔ سی آئی اے نصیرآباد و دیگر ٹیم نے انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

لورالائی پولیس نے دو الگ الگ کارروائیوں میں مغوی لڑکی کو بازیاب کرالیا

شاہ زور ٹرک چھیننے کے واقعے میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں، پولیس

لورالائی (یو این اے) لورالائی پولیس کی دو الگ الگ کارروائیوں میں مغوی لڑکی کو بازیاب کرکے ملزم کو اور لورالائی سے چھینا گیا ٹرک برآمد کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی لورالائی کے ایس ایچ او محمد شریف نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے اغوا کے مقدمے میں مطلوب مفرور ملزم محمد ایاز ولد فرید گل، قوم زرگر، سکنہ پشاور کو راولپنڈی سے گرفتار کرلیا۔ ملزم لورالائی سے ایک لڑکی کے اغوا میں ملوث تھا، جس کے خلاف تھانہ سٹی لورالائی میں تعزیرات پاکستان کی دفعہ 365-B کے تحت مقدمہ درج تھا۔ پولیس نے مغوی لڑکی کو بھی بحفاظت بازیاب کرالیا، جسے قانونی کارروائی کے لیے عدالت کے روبرو پیش کیا گیا۔ دریں اثنا لورالائی پولیس نے ایک اور کارروائی کے دوران ضلع شیرانی کے علاقے لنڈے پل سے اسلحے کے زور پر چھینا گیا شاہ زور ٹرک برآمد کرکے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق پانچ نامعلوم مسلح افراد نے ٹرک ڈرائیور سے 87 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون بھی چھین لیا تھا۔ واقعے میں ملوث دیگر ملزمان کی

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

نوکنڈی، کارروائیوں کے دوران 62 غیر قانونی مقیم افغان باشندے گرفتار

نوکنڈی (یو این اے) مختلف راستوں پر سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 62 افغان باشندے حراست میں لے لیے گئے نوکنڈی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ مختلف راستوں پر کی جانے والی کارروائیوں کے دوران 62 افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا گیا۔ اس موقع پر ایک افغان باشندے نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ افغانستان میں کاروبار کے مواقع نہ

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

دوسرا بین الاقوامی مقابلہ حسن قرآت آج سے اسلام آباد میں شروع ہوگا

اسلام آباد (جی این ایم) دوسرے بین الاقوامی مقابلہ حسنِ قرات میں شرکت کیلئے عالمی شہرت یافتہ قراء پاکستان پہنچ گئے، اسلام آباد میں تین روزہ بین الاقوامی مقابل حسنِ قرت آج (منگل) سے شروع

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

فتح جنگ، مزدا اور شہزور پک اپ میں تصادم، دو افراد جاں بحق

فتح جنگ (اے این این) فتح جنگ کے قریب مزدا اور شہزور پک اپ میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔ ابتدائی اطلاعات کے

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ شہر اور گردونواح میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی نشاندہی

سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں کے خلاف کارروائی اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ شہر اور گردونواح میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی نشاندہی، سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں کے خلاف کارروائی اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جامع اقدامات کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کوئٹہ میں پانی کی فراہمی سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کے دوران یہ احکامات جاری کیے۔ سماعت کے دوران بی واسا کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ ہزارہ ٹان کے بعض علاقوں میں نجی ٹیوب ویلوں سے پانی کی فراہمی کے لیے استعمال ہونے والی بی واسا کی تقریباً 80 فیصد پائپ لائنیں منقطع کی جا چکی ہیں، تاہم باقی علاقوں کے لیے جامع سروے کی ضرورت ہے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ کی رپورٹ کے مطابق 295 ٹیوب ویلوں میں سے صرف 68 کے پاس این او سی موجود ہے جبکہ 227 ٹیوب ویل بغیر این او سی کام کر رہے

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)



لاہور: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چودھری شجاعت حسین سے ملاقات کر رہے ہیں

حب ریجن میں وفاقی محکموں کی آسامیوں پر بھرتی کے لیے انٹرویوز دوسرے روز بھی جاری

ضلع حب اور وڈھ کے امیدواروں کی دستاویزات کی جانچ پڑتال، میرٹ اور شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت

حب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایت کے مطابق حب ریجن میں وفاقی محکموں کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز کا عمل دوسرے روز بھی جاری ہے۔ انٹرویوز ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر نگرانی لیے جا رہے ہیں، جبکہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے امیدواروں اور انٹرویو پینلز کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ شیڈول کے مطابق آج ضلع حب اور وڈھ سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے انٹرویوز لیے جا رہے ہیں، اس مقصد کے لیے تمام انٹرویو پینلز فعال ہیں اور انٹرویوز کا عمل باقاعدہ طور پر جاری ہے۔ انٹرویوز کا عمل بلاتعطل اور منظم انداز میں جاری ہیاس موقع پر امیدواروں کی تعلیمی اسناد اور دیگر ضروری دستاویزات کی جانچ پڑتال بھی کی جارہی ہے، جبکہ سکیورٹی اور انتظامی امور کے حوالے سے بھی خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر حب خود انٹرویوز کے عمل کی نگرانی اور مانیٹرنگ کر رہے ہیں تاکہ

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان کی خلا میں تاریخی اُڑان کی تیاریاں مکمل

دو پاکستانی خلانوردوں کی چین میں خصوصی تربیت مکمل، حتمی انتخاب تاریخی خلائی پرواز سے قبل ہوگا

اسلام آباد (اے این این): وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستانی خلا نورد کی تاریخی خلائی پرواز پاک چین خلائی تعاون کے ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوگی۔ یہ مشن نہ صرف پاکستان کی خلائی تاریخ میں ایک اہم سنگِ میل ہوگا بلکہ دونوں ممالک کے درمیان فولادی دوستی اور سائنسی وتکنیکی تعاون کی ایک نئی علامت بھی بنے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کا یہ تاریخی خلائی مشن قومی سائنسی صلاحیتوں کے اظہار اور خلائی تحقیق کے شعبے میں مستقبل کے نئے امکانات کی

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

بین الاقوامی سب میرین کیبل کی مرمت جاری

اسلام آباد (اے این این) بین الاقوامی سب میرین کیبل کی مرمت کا کام چھ دسمبر تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔ انٹرنیٹ فراہم کرنے والی کمپنی کا کہنا ہے کہ متاثرہ کیبل ٹھیک ہونے تک صارفین کو مصروف اوقات میں انٹرنیٹ کی سست رفتار کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ اس سے پہلے پی ٹی اے نے اطلاع دی تھی کہ پاکستان کے ساحل سے تقریباً گیارہ کلومیٹر دور ایس یونین کے صدر میر زبیر لانگو، قیوم بلوچ اور دیگر شامل تھے، جبکہ اس موقع پر معروف سیاستدان اور نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی بھی موجود تھے۔ وفد نے سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات،

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

قلات سنگید آر سی چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ وصولی شرمناک عمل ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

چیک پوسٹوں پر قانون کے مطابق فرائض کی انجام دہی ہونی چاہیے اور کسی بھی اہلکار یا گروہ کو عوام اور ٹرانسپورٹرز سے غیر قانونی رقم وصول کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے

بلوچستان میں چیک پوسٹیں ٹرانسپورٹرز کیلئے عذاب بن چکی ہیں، بھتہ وصولی کسی صورت قابل قبول نہیں، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں چیک پوسٹیں ٹرانسپورٹرز کیلئے عذاب بن چکی ہیں، قلات سنگدا س چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ وصولی ایک شرمناک عمل ہے، صوبائی وزیر داخلہ اس معاملے کا فوری نوٹس لے کر کارروائی کریں تاکہ ٹرانسپورٹرز کو غیر ضروری مشکلات اور مالی استحصال سے نجات مل سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے معروف ٹرانسپورٹر اور آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری حاجی میر اکبر لہڑی کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں آل بلوچستان بیروزگار

کوئٹہ میں پولیو سے انکاری بچوں کو قطرے پلانے کے لیے ایکسٹینڈڈ کمپین چلانے کا فیصلہ

کوئی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے، تمام ادارے اپنا کردار ادا کریں، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت سخت انکار (RefusalHard) کرنے والے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے ایکسٹینڈڈ کمپین کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت اور پولیو پروگرام کے افسران نے شرکت کی اور مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایکسٹینڈڈ کمپین کے دوران اسسٹنٹ کمشنرز اور مجسٹریٹس فیلڈ میں اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے اور سخت انکار کرنے والے بچوں کے والدین کو قائل کرکے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے ہدایت کی کہ پولیو کے مکمل خاتمے اور ہر بچے تک ویکسین کی رسائی یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور ذمہ داری کے ساتھ اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت سخت انکار (Hard

(بقیہ 53 اندرونی صفحہ 2 پر)

عمان میں مسافر بس اور دو ٹرکوں میں خوفناک تصادم، 4 افراد جاں بحق، 17 زخمی

حیما سے شریت جانے والی شاہراہ پر حادثہ رات ڈیڑھ بجے پیش آیا، 26 مسافروں کی بس ٹرک سے ٹکرا گئی

مسقط (جی این ایم) عمان میں مسافر بس اور دو ٹرکوں کے درمیان ہونے والے المناک ٹریفک حادثے میں چار افراد جاں بحق اور 17 زخمی ہوگئے۔ حادثہ پیر کی علی الصبح حیما اور شریت کو ملانے والی شاہراہ پر پیش آیا۔ زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے مختلف اسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ گلف نیوز اور ٹائمز آف عمان کے مطابق رائل عمان پولیس نے بتایا کہ حادثہ سلطان سعید بن تیمور روڈ پر تقریباً رات ایک بج کر 30 منٹ پر پیش آیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق پہلے دو ٹرک آپس میں ٹکرائے، جس کے بعد 26 افراد کو لے جانے والی مسافر بس ان میں سے ایک ٹرک سے جا ٹکرائی۔ پولیس کے مطابق اس تصادم کے نتیجے میں چار افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ 17 دیگر افراد کو مختلف نوعیت کی چوٹیں آئیں۔ حکام نے ابتدائی اطلاعات میں جاں بحق ہونے والوں کی شناخت یا قومیت ظاہر نہیں کی۔ یہ بھی واضح نہیں کیا گیا کہ بس کے مسافروں میں کن

(بقیہ 54 اندرونی صفحہ 2 پر)

راولپنڈی، ایف آئی اے کی کارروائی، ویزہ فراڈ کا ملزم گرفتار

راولپنڈی (اے این این) ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل شہید بینظیر آباد کے عملے نے راولپنڈی میں کار روائی کرکے سعودی عرب میں ملازمت کے ویزے کے نام پر فراڈ کے مقدمے میں نامزد ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ملزم محمد اجمل سعودی عرب میں ملازمت کے ویزے اور روزگار فراہم کرنے کے نام پر شہریوں سے مبینہ فراڈ میں ملوث تھا۔ ملزم نے بطور اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز سعودی عرب میں ملازمت کے نام پر 19 لاکھ 50 ہزار روپے وصول کیے۔

(بقیہ 55 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران بیک وقت 2 میزائل داغنے والا نیا منفرد لانچر سامنے لے آیا

دشمن کو پہنچنے والا نقصان محض آغاز ہے، مزید ذلت کا سامنا کرنا پڑے گا، سربراہ پاسداران انقلاب کی وارننگ

تہران (جی این ایم) ایرانی فوجی کمانڈرز نے امریکہ کو خبردار کرتے ہوئے بیک وقت دو مائع ایندھن والے میزائل داغنے کی صلاحیت رکھنے والا نیا میزائل لانچر متعارف کرا دیا، ایران کے سرکاری ٹیلی وژن نے پاسداران انقلاب کے سربراہ احمد واحدی اور فضائیہ کے کمانڈر مجید موسوی کے ایک زیر زمین میزائل اڈے کے دورے کی فوٹیج بھی نشر کی جس میں دونوں کمانڈرز میزائلوں اور فوجی ساز وسامان سے بھری طویل زیر زمین سرنگوں میں نظر آئے۔ ایرانی سرکاری ٹیلی وژن کے مطابق پہلی مرتبہ متعارف کرائے جانے والے نئے لانچر کو بیک وقت دو مائع ایندھن والے میزائل داغنے کی صلاحیت رکھنے والا نظام قرار دیا گیا ہے، اس کے ساتھ نشر کی گئی فوٹیج میں دیکھا گیا کہ پاسداران انقلاب کے سربراہ احمد واحدی اور فضائیہ کے کمانڈر مجید موسوی طویل زیر زمین سرنگوں میں موجود ہیں جہاں میزائلوں اور مختلف فوجی ساز وسامان کا ذخیرہ

(بقیہ 56 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد ہائی کورٹ، بچوں کے سوشل میڈیا استعمال، آن لائن ہراسانی اور بلیک میلنگ متعلق کیس

وفاقی حکومت سے اٹھائے گئے اقدامات کی تفصیلی رپورٹ ایک ماہ میں طلب، مزید سماعت 23 دسمبر تک ملتوی

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بچوں کے سوشل میڈیا استعمال، آن لائن ہراسانی اور بلیک میلنگ متعلق کیس میں وفاقی حکومت سے اٹھائے گئے اقدامات کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل راشد حفیظ کی جواب کے لیے مزید وقت دینے کی استدعا منظور کرتے ہوئے عدالت نے وفاقی حکومت کو جواب جمع کروانے کے لیے ایک ماہ کا وقت دے دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے متعدد درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست گزاروں کی جانب سے وکلا اور سابق سینیٹر فرحت اللہ بابر عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت، ایڈیشنل اٹارنی جنرل استدعا کی کہ 13 نومبر کو تمام اسٹیک ہولڈر کی میٹنگ ہوئی ہے، عدالت جواب کے لیے وقت دے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ 2020 کے سوشل میڈیا رولز سے متعلق درخواستیں غیر موثر ہو چکی ہیں۔ وکیل درخواست گزار نے 2020 کے سوشل میڈیا رولز کے خلاف درخواست غیر مؤثر ہونے پر واپس لے لی۔ عدالت نے 2021

(بقیہ 52 اندرونی صفحہ 2 پر)

ہمیں تقسیم کی نہیں متحد ہونے کی ضرورت ہے، مراد علی شاہ

کراچی (اے این این) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ ہمیں تقسیم کی نہیں متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ عالمی کلچر فیسٹیول کی اختتامی تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ سندھ کے شہر کراچی میں منعقد ہونے والے تیسرے ورلڈ کلچر فیسٹیول میں دنیا بھر سے الگ الگ

(بقیہ 51 اندرونی صفحہ 2 پر)



کراچی: وفاقی وزیر جام کمال خان اور یوگنڈا کی وزیر مملکت برائے زراعت فوڈ ایگ پاکستان 2026 کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ، ویڈیو کیس، عدالت کا عظمیٰ بخاری کی دائر درخواست پر سماعت ملتوی

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ میں وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی فیک ویڈیو وائرل کیس کی سماعت ہوئی، عدالت نے عظمیٰ بخاری کی ویڈیو لنک

(بقیہ 57 اندرونی صفحہ 2 پر)

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)

محسن نقوی کی چوہدری شجاعت سے ملاقات، نئے صوبوں کے معاملے پر تبادلہ خیال

عوام کی منشا کے مطابق تمام تر فیصلے کرنا وقت کا اولین تقاضا ہے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

انتظامی یونٹس کو مضبوط اور بااختیار بنانا موثر راستہ ہو سکتا ہے، سربراہ مسلم لیگ ق چوہدری شجاعت حسین

لاہور (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سے لاہور میں ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات کی ملک کی مجموعی صورتحال اور امن وامان کے حکومتی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی، چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کا تعلق براہِ راست عوام کی سہولت، بہتر طرزِ حکمرانی، انتظامی کارکردگی اور ملکی مستقبل سے ہے، انتظامی یونٹس کو مضبوط اور بااختیار بنانا بھی ایک موثر راستہ ہوسکتا ہے۔ چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ پاکستان کے سب سے بڑے اسٹیک ہولڈرز پاکستان کے عام لوگ ہیں، آج درست سمت میں قدم نہ اٹھایا تو کل معاف نہیں کرے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان اور کے پی کے میں انسداد دہشتگردی اور قیام امن کیلئے کئے گئے اقدامات سے متعلق آگاہ کیا، کہا پاکستان کے عوام کی منشا کے

(ب